آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 30 جولائی 2020ء بمطابق 09 ذوالحجہ 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 208

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

حکومت کسی صورت بلیک میل نہیں ہوگی، شاہ محمود قریشی

اگر اپوزیشن پاکستان کی خیر خواہ ہے تو اے ایف ٹی ایف اور نیب قوانین میں ترامیم کے معاملے کو علیحدہ علیحدہ کرے

نیب قوانین پر ترامیم کے حوالے سے مشاورت یا مذاکرات کا بائیکاٹ کس نے کیا؟ قومی اسمبلی میں کھڑے ہوکر کس نے کہا کہ اب کوئی بات نہیں ہوگی

اپوزیشن نے واضح کہا اگر ایف اے ٹی ایف پر قانون سازی کرانا چاہتے ہیں تو نیب قانون سے متعلق ہماری ترامیم قبول کریں، وزیر خارجہ کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے ایک بار پھر کہا ہے کہ اپوزیشن نے واضح کہا اگر ایف اے ٹی ایف پر قانون سازی کرانا چاہتے ہیں تو نیب قانون سے متعلق ہماری ترامیم قبول کریں، مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی دس سال اقتدار میں رہی اور نیب قوانین میں ترمیم نہیں کر سکیں، ہم سے ان گھنٹوں میں یہ کام کرانا چاہتے ہیں، نیب قوانین میں اپوزیشن کی پیش کردہ ترامیم کے بعد احتساب کا عمل ختم ہو جاتا ہے، قانون ہی باقی نہیں رہتا، خواجہ آصف صاحب آپ ایف اے ٹی ایف کی آڑ میں نیب قوانین میں ترامیم کو پاس کرانے کی کوشش کر رہے ہیں، آپ رنگ میں

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان سے پاکستان میں عالمی بینک کے سبکدوش ہونیوالے ڈائریکٹر پاچاموتھو الیانگو الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

کورونا وائرس کے پھیلاؤ کی صورتحال میں نمایاں کمی آئی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ میں 189 عیدگاہوں میں نماز عید ادا ہوگی اس حوالے سے ایس او پیز پر عملدرآمد، اقدامات، انتظامات اور سیکیورٹی کے حوالے سے مربوط اور موثر اقدامات کئے گئے ہیں

اگر عید اور محرم الحرام میں احتیاطی تدابیر پر پوری طرح سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے تو بلوچستان سے کورونا وائرس کی وباء کو ختم کرنا آسان ہوگا

کورونا وائرس کے پیش نظر عوام عید سادگی سے مناتے ہوئے اجتماعات سے گریز کریں اور زیادہ وقت گھروں میں گزاریں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (ق ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں عیدالاضحی اور محرم الحرام کی ایس او پیز، سیکیورٹی، صفائی دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیتے ہوئے اہم فیصلے کئے گئے، صوبائی وزراء میر ضیاء اللہ لانگو، میر ظہور احمد بلیدی، نور محمد دمڑ، پارلیمانی سیکریٹری بشریٰ رند، ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ حافظ عبدالباسط، آئی جی پولیس محسن حسن بٹ، متعلقہ محکموں کے سیکریٹریز، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ طارق مینگل سمیت دیگر متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ ڈویژنل کمشنرز بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شریک ہوئے، اجلاس کو ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ حافظ عبدالباسط نے سیکیورٹی، عید کے اجتماعات کے انعقاد کے اقدامات اور دیگر متعلقہ امور کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ میں 189 عیدگاہوں میں نماز عید ادا ہوگی اس

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

بچوں کو تعلیم کیساتھ صحت مند ماحول فراہم کرنا ضروری ہے، نصیب اللہ مری

دینی درسگاہوں کا ہمارے معاشرے میں کلیدی کردار ہے ان ہی کی بدولت آج امن وامان اور بھائی چارے کی فضاء قائم ہے، رکن صوبائی اسمبلی

کوہلو (ق ن) رکن صوبائی اسمبلی میر نصیب اللہ مری نے کہا ہے کہ دینی درسگاہوں کا ہمارے معاشرے میں کلیدی کردار ہے ان ہی کی بدولت آج امن وامان اور بھائی چارے کی فضاء قائم ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز جامعہ مسجد کوہلو میں عصری تعلیم

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

سریاب روڈ دوست آغا کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ 1 شخص زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں فائرنگ 1 شخص زخمی پولیس کے مطابق بدھ کو کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

خیرسگالی کے تحت ایران سے پاکستانیوں کی وطن واپسی سلسلہ جاری، 14 قیدیوں سمیت 239 افراد وطن واپس پہنچ گئے

کوئٹہ (این این آئی) ایرانی حکومت کے جذبہ خیرسگالی کے تحت پاکستانیوں کی وطن واپسی سلسلہ جاری

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

پانی تقسیم کے علاقے میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی

ژوب (آن لائن) پانی تقسیم کے علاقے میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے ایئرپورٹ روڈ پر بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے ایئرپورٹ روڈ پر بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک شخص

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

شہباز شریف کی بلاول بھٹو زرداری اور مولانا فضل الرحمان سے ٹیلیفون پر مشاورت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم نواز شریف کیخلاف لوٹ مار اور جان کی دھمکیاں دینے پر درخواست دائر کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں سابق وزیر اعظم نواز شریف کیخلاف لوٹ مار اور

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی کا دوہری شہریت اور اسکینڈلز کی زد میں آنے والے تمام کابینہ ارکان سے مستعفی ہونے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) تانیہ ایدروس اور ڈاکٹر ظفر مرزا مستعفی، پاکستان پیپلز پارٹی نے دوہری شہریت

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

گورنر سندھ کی صدر مملکت عارف علوی سے ملاقات، بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) گورنر سندھ عمران اسماعیل نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے ملاقات

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

توانائی کے شعبے سے متعلقہ اداروں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں صوبائی نمائندگی کو یقینی بنایا جائے، وزیراعظم

انضمام شدہ علاقوں میں انفراسٹرکچر کے قیام کے لئے مختص شدہ فنڈ کے بروقت اجراء کو یقینی بنایا جائے گا، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے ہدایت کی ہے کہ توانائی کے شعبے سے متعلقہ اداروں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں صوبائی نمائندگی کو یقینی بنایا جائے، وزارت توانائی، وزارت خزانہ، ایف بی آر، صوبائی حکومت اس حوالے سے طریقہ کار طے کریں۔

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

سلوگن

پس ثابت ہوا کہ پرہیز علاج سے بہتر ہے، کرونا کی شدت کم کرنے عوام کو مشکل حالات سے نکالنے کیلئے بلوچستان حکومت کی آگاہی مہم نے ایک تاریخ رقم کردی ہے۔ امید ہے کہ کرونا کے حوالے سے امدادی سرگرمیاں اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے پر قائم رہنے کا یہ قومی جذبہ ہمیشہ قائم و دائم رہے گا۔

کلبھوشن یادیو سے متعلق عالمی عدالت انصاف نظرثانی آرڈیننس سینیٹ میں پیش کر دیا گیا

یہ آرڈیننس کسی دباؤ کا نتیجہ نہیں اور نہ ہی کلبھوشن کو کوئی رعایت دی جا رہی ہے، وفاقی وزیر قانون فروغ نسیم

اسلام آباد (این این آئی) کلبھوشن یادیو سے متعلق عالمی عدالت انصاف نظرثانی آرڈیننس سینیٹ میں پیش کر دیا گیا جبکہ اپوزیشن نے آئی ایم ایف اور ایف اے ٹی ایف کی جانب سے حکومت کی ڈوریاں ہلانے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ جس کے لیے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عیدالاضحی اور محرم الحرام کی ایس او پیز سیکیورٹی اور صفائی سمیت دیگر متعلقہ امور کے اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم کا ریلیف پیکیج کے باوجود یوٹیلٹی اسٹورز پر اشیاء کی مہنگے داموں فروخت کا نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے یوٹیلٹی اسٹورز پر اربوں روپے کی سبسڈی کے باوجود عوام کو سستی چینی اور آٹا نہ ملنے کی شکایات اور اسٹورز پر مہنگی اشیاء کی خریداری اور فروخت کی شکایات پر نوٹس لے لیا۔ چیئرمین یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن ذوالقرنین خان نے نجی ٹی وی سے گفتگو میں تصدیق کی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈاکٹر ظفر مرزا نے استعفیٰ دیا نہیں، لیا گیا ہے، نجی ٹی وی کا دعویٰ

ظفر مرزا نے بھارت سے خلاف ضابطہ ادویات درآمد کرنے میں کردار ادا کیا

وزیراعظم کے حکم پر انکوائری کے دوران ظفر مرزا اور مشیر کا نام آیا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) نجی ٹی وی نے اپنی رپورٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ معاون خصوصی ڈاکٹر ظفر مرزا نے استعفیٰ دیا نہیں بلکہ ان سے استعفیٰ لیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ظفر مرزا نے بھارت سے خلاف ضابطہ ادویات درآمد کرنے میں کردار ادا کیا، وزیراعظم کے حکم پر انکوائری کے دوران ظفر مرزا اور ایک مشیر کا نام آیا، اس کے علاوہ ظفر مرزا اسلام آباد کے اسپتالوں اور میڈیکل اداروں کیسز پر بھی تحقیقات کرنے میں بھی ناکام رہے۔ ذرائع نے انکشاف کیا کہ وزیراعظم ادویہ

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

عیدالضحیٰ کے موقع پر سخت احتیاطی تدابیر اختیار کرنا بہت ضروری ہے، گورنر بلوچستان

اس ضمن میں فرنٹ لائن پر کرونا وائرس کے خلاف لڑتے والا طبی عملہ اور انہیں سہولیات فراہم کرنے والے متعلقہ ادارے خراج تحسین کے مستحق ہیں

دنیا میں کوئی بھی ملک عالمی وباء سے نمٹنے کیلئے پہلے سے تیار نہیں تھا مگر اس کے باوجود پاکستانی قوم نے جان لیوا کرونا وائرس کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (ق ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ دنیا میں کوئی بھی ملک عالمی وباء سے نمٹنے کیلئے پہلے سے تیار نہیں تھا مگر اس کے باوجود پاکستانی قوم نے جان لیوا کرونا وائرس کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، اس ضمن میں فرنٹ لائن پر کرونا وائرس کے خلاف لڑنے والا طبی عملہ اور انہیں سہولیات فراہم کرنے والے متعلقہ ادارے خراج تحسین کے مستحق ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز مقامی ہوٹل میں کرونا وائرس کی مناسبت سے منعقدہ تقریب بعنوان "جذبہ خدمت" کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر سابق سینیٹر روشن خورشید بروچہ اور پی ایچ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

پاکستان اور ایران برادر مسلمان ممالک کی حیثیت سے دوستانہ تعلقات سے لطف اندوز ہوتے ہیں، سید فخر امام

پاکستان اور ایران کے درمیان اقتصادی تعاون ہونا چاہیے، دونوں ممالک لائیو سٹاک میں باہمی تعاون کر سکتے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وزیر برائے قومی غذائی تحفظ اور تحقیق سید فخر امام نے ایران کے سفیر سید محمد علی حسینی سے ملاقات کی جس میں زراعت اور مویشیوں کے امور پر باہمی دلچسپی اور تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سید فخر امام نے کہا کہ پاکستان اور ایران برادر مسلمان

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

حکومت کا دو یوم کیلئے صبح 10 بجے سے رات 12 بجے تک دکانیں کھلی رکھنے کا فیصلہ

انتظامات اور تیاریوں کے علاوہ صوبے کی مجموعی سکیورٹی صورتحال کی وجہ سے عوام کو صوبائی حکومت کی جانب سے دیے گئے

ضلعی انتظامیہ کو عیدالاضحی کے موقع پر کورونا وائرس کے ممکنہ پھیلاؤ کو روکنے کیلئے کئے گئے، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ (ق ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے ضلعی انتظامیہ کو عیدالاضحی کے موقع پر کورونا وائرس کے ممکنہ پھیلاؤ کو روکنے کیلئے کئے گئے انتظامات اور تیاریوں کے علاوہ صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال کی وجہ سے عوام کو صوبائی حکومت کی جانب سے دیے گئے ایس او پیز پر من وعن عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی ہدایات دی ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ صفائی ستھرائی، ماسک، سوشل ڈسٹنس ان تمام موضوعات پر توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ اس وباء اور پریشانی سے مکمل طور پر نجات پاسکے۔ اگر عوامی سطح پر عیدالاضحی کے موقع پر احتیاط نہ برتی گئی تو ملک میں کورونا کا پھیلاؤ خطرناک حد تک بڑھ سکتا ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کے موثر اور بروقت اقدامات کی وجہ سے کورونا کیسز میں واضح کمی آئی ہے لیکن وباء کا خطرہ ابھی بدستور موجود ہے۔ اس لیے احتیاط بہت ضروری ہے۔ ایس او پیز کے مطابق شہر کے اندر مویشی منڈیاں لگانے پر پابندی ہے جبکہ شہر کے باہر کھلے علاقوں میں مویشی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

محسوس ہوتا ہے، ہماری ڈور بین الاقوامی اسٹیبلشمنٹ کے ہاتھوں میں چلی گئی ہے، رضا ربانی

حکومت کے دن بدلے ان کو چھوڑ کر چلے گئے باقی بھی جائیں گے کسی پارٹی سے کوئی تعلق نہیں ہے سب چھوڑ رہے ہیں، مشاہد اللہ خان

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر رضا ربانی نے فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (ایف اے ٹی ایف) سے متعلق بل کی منظوری پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ محسوس ہوتا ہے ہماری ڈور بین الاقوامی اسٹیبلشمنٹ کے ہاتھوں میں چلی گئی ہے، آئین کے تحت پارلیمنٹ بالادست ہے، ہماری پارلیمنٹ نے تاریخی فیصلے کیے، ان فیصلوں سے قوم اور وفاق کو مضبوط کیا، ضیا اور مشرف کی آمریت کے خلاف سینیٹ کھڑی رہی، آج سوچ رہا ہوں کہ اب پارلیمان کو کیا ہوا ہے، جس شخص کیلئے یہ آرڈیننس آیا وہ بھارتی جاسوس اور دہشت گرد

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

گزشتہ حکومتوں نے صحت کے شعبے کو نظرانداز کیا جس کا خمیازہ عام آدمی آج بھگت رہا ہے، اسد عمر

پنجاب کے ضلعی اور تحصیل سطح کے ہسپتالوں کو اپ گریڈ کرنے کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر کا اجلاس سے خطاب

پنجاب کے 10 اضلاع میں زچہ وبچہ اور ٹیچنگ ہسپتال قائم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، یاسمین راشد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ گزشتہ حکومتوں نے صحت کے شعبے کو نظر انداز کیا جس کا خمیازہ عام آدمی آج بھگت رہا ہے، پنجاب کے ضلعی اور تحصیل سطح کے ہسپتالوں کو اپ گریڈ کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیر منصوبہ بندی اسد عمر کی زیر صدارت پنجاب میں صحت کے منصوبوں پر اجلاس ہوا جس میں کووڈ 19 اور پی ایس ڈی پی کے تحت پنجاب کے 10 اضلاع میں زچہ وبچہ اور ٹیچنگ ہسپتالوں کی تعمیر اور اپ گریڈیشن پر غور کیا گیا۔ اعلامیہ کے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر ظفر مرزا کا استعفیٰ، ڈاکٹرز نے (آج) جمعرات کو یوم نجات منانے کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈاکٹر ظفر مرزا کا استعفیٰ، ڈاکٹرز نے (آج) جمعرات کو یوم نجات منانے کا اعلان کر دیا۔ وائے ڈی اے نے کہا کہ ڈاکٹر ظفر مرزا کے استعفے سے ملک بھر کے ڈاکٹرز کی فتح ہوئی ہے۔ وائے ڈی اے نے کہا کہ ملک کو ایک سیلفیٹ اور نااہل وزیر صحت سے نجات مل گئی۔ وائے ڈی اے کی جانب

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی کے ساتھ کرونا وائرس سے نمٹنے والے اداروں کے نمائندوں کا گروپ

تاریخ میں پہلی بار حکومت مافیا کیخلاف ایکشن لے رہی ہے، سردار بابر موسیٰ خیل

سی پیک مغربی روٹ کے کچلاک ژوب سڑک کی تعمیر کا منصوبہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کا عوام کے لیے عیدالاضحی کا تحفہ ہے

مواصلاتی نیٹ ورک میں توسیع اور صوبے میں روزگار و ڈویلپمنٹ کے نئے دور کا آغاز ہوگا، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل نے کہا ہے کہ سی پیک مغربی روٹ کے کچلاک ژوب سڑک کی تعمیر کا منصوبہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کا عوام کے لیے عیدالاضحی کا تحفہ ہے جس سے مواصلاتی نیٹ ورک میں توسیع اور صوبے میں روزگار و ڈویلپمنٹ کے نئے دور کا آغاز ہوگا۔ تاریخ میں پہلی بار پاکستان تحریک انصاف کی حکومت مافیا کیخلاف ایکشن لے رہی ہے۔ وزیراعظم عمران خان کا کوئی ذاتی ایجنڈہ نہیں ملکی ترقی اور خوشحالی ان کا مشن ہے۔ کورونا سے بچاؤ کیلئے عید سادگی کے ساتھ منانے کے سوا کوئی آپشن نہیں۔ بدھ کو صوبائی اسمبلی میں اپنے چیمبر میں اپنے حلقہ انتخاب کے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی اسپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل نے کہا کہ تحریک انصاف کی حکومت عملی طور پر ثابت کر رہی ہے کہ ملک میں آئین و قانون کی حکمرانی کو یقینی بنایا جائے گا اور یہ پہلی حکومت ہے جو عوام کو لوٹنے والے مافیا کے خلاف سخت کارروائی کر رہی ہے اور عوام کے مفادات کا

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

جب جیالے میدان میں آتے ہیں تو سب میدان چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں، بلاول بھٹو

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ جب جیالے میدان میں آتے ہیں تو سب میدان چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں، پیپلز پارٹی ملک کے عوام کو عمران خان کی نااہلی کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیپلز پارٹی خیبرپختونخوا کے صدر ہمایوں خان

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں صحافی انور جان کے قتل کے معاملے پر سینٹ کی پریس گیلری سے صحافیوں نے واک آؤٹ

پی آر اے کے صدر بہزاد سلیمی نے ساجد طوری کو صحافی انور جان کے قتل پر پی آر اے کی تشویش اور مطالبات سے آگاہ کیا

چیئرمین سینیٹ نے صحافی انور جان کے قتل کے معاملہ پر چیف سیکرٹری بلوچستان سے رپورٹ طلب کرلی

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان میں صحافی انور جان کے قتل کے معاملے پر سینٹ کی پریس گیلری سے صحافیوں نے واک آؤٹ کیا۔ بدھ کو پارلیمانی رپورٹرز ایسوسی ایشن کے فیصلہ کے تحت صحافیوں نے سینیٹ اجلاس کے دوران پریس گیلری سے واک آؤٹ کیا۔ چیئرمین سینیٹ کی ہدایت پر سینیٹ میں چیف وہپ ساجد طوری نے پارلیمنٹ پریس لاؤنج میں پی آر اے کی قیادت سے ملاقات کی۔ پی آر اے کے صدر بہزاد سلیمی نے ساجد طوری کو صحافی انور جان کے قتل پر پی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

قانون کی بالادستی کیلئے اہلکاروں کی قربانی کسی صورت فراموش نہیں کیا جائیگا، محمد خان طور اتمان خیل

جرائم پیشہ افراد کا سی ٹی ڈی اہلکاروں پر بلاجواز فائرنگ کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے

لوگوں میں عدم برداشت کی وجہ سے قیمتی اہلکاروں کی جانیں گئیں، صوبائی وزیر صنعت وحرفت

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر صنعت وحرفت حاجی محمد خان طور اتمانخیل، پارلیمانی سیکرٹری جنگلات وجنگلی حیات ایم پی اے سردار مسعود لونی نے اپنے مشترکہ بیان میں بلوچستان کے علاقے میں سی ٹی ڈی پولیس سمیت دو عام شہریوں کی شہادت پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو جلد گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا سی ٹی ڈی اہلکاروں پر بلاجواز فائرنگ کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے قانون کی بالادستی کیلئے اہلکاروں کی قربانی کو کسی صورت فراموش نہیں کیا جائیگا لوگوں میں عدم برداشت کی وجہ سے قیمتی اہلکاروں کی جانیں گئی انہوں نے کہا کہ صوبے اور ملک کے محب وطن عوام قانون شکن جرائم پیشہ اور دہشت گردوں کے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

نیشنل بینک کے 2 سابق صدور آصف زرداری کیخلاف وعدہ معاف گواہ بن گئے

دونوں سابق صدور کے نیب کے سامنے ریکارڈ کیے گئے بیانات عدالت میں پیش کر دیئے

راولپنڈی (این این آئی) پارک لین ریفرنس میں نیشنل بینک آف پاکستان کے 2 سابق صدور آصف زرداری کے خلاف وعدہ معاف گواہ بن گئے۔ بدھ کو پارک لین ریفرنس میں احتساب عدالت کے دائرہ اختیار سے متعلق آصف زرداری کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ نیب پراسیکیوٹر سردار مظفر عباسی نے دلائل مکمل کر لیے ہیں اور اپنے دلائل میں کہا کہ یہ عام ٹرانزیکشن کا کیس نہیں ہے، نیب نے رکشے والا اور فالودے والے کے اکاؤنٹ میں رقوم جانے کے پے آرڈرز پیش کیے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

تاجروں اور صوبائی حکومت نے افہام وتفہیم سے تمام معاملات کو طے کرنے کا فیصلہ کیا ہے، عبدالرحیم کاکڑ

عید کے بعد ہوٹلز، ریسٹورنٹس اور شادی ہالز ایس او پیز کے ساتھ مشروط طور پر کھولنے کے حوالے سے بھی مشاورت کی جائیگی، صدر مرکزی انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ نے کہا ہے کہ انتظامیہ کے ساتھ کامیاب مذاکرات کے بعد ایس او پیز سے مشروط طور پر دکانیں اور بازار رات 12 بجے تک کھلے رکھنے کی اجازت دے دی گئی ہے، تاجروں اور صوبائی حکومت نے افہام وتفہیم سے تمام معاملات کو طے کرنے کا فیصلہ کیا ہے، عید کے بعد ہوٹلز، ریسٹورنٹس اور شادی ہالز ایس او پیز کے ساتھ مشروط طور پر کھولنے کے حوالے سے بھی مشاورت کی جائیگی، یہ بات انہوں نے بدھ کو

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بارش نہیں سندھ حکومت کی مجرمانہ غفلت شہر قائد کو پانی میں ڈوبنے کی وجہ بنی، علی زیدی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور علی زیدی نے کہا ہے کہ بارش نہیں سندھ حکومت کی مجرمانہ غفلت شہر قائد کو پانی میں ڈوبنے کی وجہ بنی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بارش نے نہیں سندھ میں اقتدار پر بیٹھے اندھوں کا ٹولہ کراچی کو

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

ایک زرعی ملک کیلئے گندم درآمد کرنا حکمرانوں کی ناکامی ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

کمیشن کے حصول کیلئے گندم درآمد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے پہلے درآمد پھر برآمد کرنے کیلئے کمیشن لیا جاتا ہے جو لمحہ فکریہ ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ ایک زرعی ملک پاکستان کیلئے گندم درآمد کرنا حکمرانوں کی ناکامی ہے ہمیشہ گندم ضرورت سے زیادہ پیدا ہوتی تھی اور گندم برآمد کی جاتی ہے مگر اب کمیشن کے حصول کیلئے گندم درآمد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے پہلے درآمد پھر برآمد کرنے کیلئے کمیشن لیا جاتا ہے جو لمحہ فکریہ ہے بدقسمتی سے سرکار کمیشن مافیا کیلئے بس ہے اپنی چیزیں زیادہ منافع کیلئے فروخت کرتے ہیں اور پھر اسی چیز کو واپس

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

گوادر: چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت محکمہ تعلیم کی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کر رہی ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

حکومت ساحلی علاقوں کی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے اور ساحلی علاقوں کے لوگوں کے تمام بنیادی سہولتوں کی فراہمی ہر قیمت پر یقینی بنائی جائے گی

جیوانی کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے پائپ لائن کی تنصیب جلد از جلد مکمل کی جائے، کیپٹن (ر) فضیل اصغر

گوادر (ق ن) چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر نے گوادر میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی جس میں محکمہ تعلیم، صحت، پی ایچ ای، مواصلات تعمیرات، ادارہ ترقیات گوادر، کونسل ڈویلپمنٹ اتھارٹی، گوادر بندرگاہ، جی ڈی اے، بی او آئی سمیت دیگر مختلف محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی اس موقع پر سیکرٹری تعلیم، سیکرٹری صحت اور دیگر اداروں کے نمائندوں نے اپنے اپنے محکمے کی کارکردگی اور مسائل سے متعلق بریفنگ دی چیف سیکرٹری بلوچستان نے اس موقع پر کہا کہ حکومت ساحلی علاقوں کی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے اور ساحلی علاقوں کے لوگوں کے تمام بنیادی سہولتوں کی فراہمی ہر قیمت پر یقینی بنائی جائے گی انہوں نے کہا کہ صحت عامہ کی سہولیات کی فراہمی کو اہمیت دی جارہی ہے چیف سیکرٹری نے بتایا کہ جیوانی کے عوام کو

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

امریکہ کے افغانستان میں نمائندہ خصوصی برائے افغانستان کا دورہ پاکستان منسوخ

اسلام آباد (این این آئی) امریکہ کے افغانستان میں نمائندہ خصوصی برائے افغانستان کا دورہ پاکستان منسوخ کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق زلمے خلیل زاد پاکستان نہیں آئیں گے، امریکہ کے افغانستان میں نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد کے سہ ممالک دورے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ نے میٹرک کے سالانہ امتحان کے نتیجے کا اعلان کر دیا

میٹرک کے سالانہ امتحان میں بلوچستان ریذیڈنشل کالج لورالائی کے شاکر خان نے پہلی پوزیشن حاصل کی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ نے میٹرک کے سالانہ امتحان کے نتیجے کا اعلان کر دیا، نتیجے کے مطابق میٹرک کے سالانہ امتحان میں بلوچستان ریذیڈنشل کالج لورالائی کے شاکر خان نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے زیر اہتمام میٹرک کے سالانہ امتحان کے نتیجے کا اعلان چیئرمین بورڈ پروفیسر یوسف بلوچ نے کوئٹہ میں پریس کانفرنس میں کیا، ان کا کہنا تھا کہ پہلے امتحانات

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

عوام کی معمولی سی غفلت سے کورونا وائرس میں اضافہ ہو سکتا ہے، نور محمد دمڑ

کرونا وائرس مکمل طور پر ختم نہیں ہوا ہے تاہم حکومت بہترین اقدامات کے باعث کرونا وائرس کا پھیلاؤ کم ہوا ہے

اور عوام سے اپیل ہے کہ وہ عید سادگی سے اپنے گھروں میں منائے بلاوجہ گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں، صوبائی وزیر پی ایچ ای

ہرنائی (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ کرونا وائرس مکمل طور پر ختم نہیں ہوا ہے تاہم حکومت بہترین اقدامات کے باعث کرونا وائرس کا پھیلاؤ کم ہوا ہے عوام سرکاری ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائے اور عوام سے اپیل ہے کہ وہ عید سادگی سے اپنے گھروں میں منائے بلاوجہ گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں عید کے دوران ایک دوسرے سے 6 فٹ کا فاصلہ رکھیں عید کی مبارکباد کیا کرے ہاتھ اور گلے ملانے سے گریز کریں بوقت ضرورت نکلتے وقت ماسک، دستانوں، اور سینیٹائزر کا استعمال لازمی کریں حکومت کے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

شیخ رشید سے آٹھ مزدور تنظیموں پر مشتمل اتحاد وفد کی ملاقات، وزیر ریلوے نے جائز مطالبات تسلیم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر ریلوے شیخ رشید احمد سے ریلوے کی آٹھ مزدور تنظیموں پر مشتمل مزدور اتحاد کے وفد کی اہم ملاقات کی جس میں وفد نے اپنے مطالبات سے شیخ رشید کو آگاہ کیا شیخ رشید نے ریلوے ملازمین کے جائز مطالبات تسلیم کرتے ہوئے، مطالبات تسلیم ہونے پر 3 اگست کو ریلوے مزدوروں کی ہڑتال کی کال

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کے کوآرڈینیٹر بلال خان کاکڑ سے رکن صوبائی اسمبلی اور وزیراعلیٰ کے لائزن اسسٹنٹ ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL

www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

30 جولائی 2020ء

امریکی اور آسیان ممالک

ایشیائی ممالک نے اپنے خطے کے معاملات خاص طور سے جنوبی چینی سمندر میں تنازعات کو ہوا دینے اور مداخلت کی امریکی سازشوں کی مذمت کرتے ہوئے امریکہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ایشیائی ممالک کو ایک دوسرے کے خلاف ورغلانے سے باز رہے اور اپنے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے پر توجہ دے۔ ایشیائی ممالک ملائشیا، تھائی لینڈ، سنگاپور، فلپائن، برمنائی، ویت نام، کمبوڈیا، لاؤس انڈونیشیا اور میانمار سے حل اور ینائن سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات کے دستخطوں سے ایک مشترکہ بیان جاری کیا گیا۔ ہے جس میں کہا گیا ہے کہ آسیان کا امریکہ سے کوئی تعلق نہیں اور امریکی حکومت کو ہماری جغرافیائی حدود، ہماری قوموں اور عوام کا احترام کرنا چاہیے۔ بیان میں کہا گیا کہ امریکی وزیر خارجہ مائسک پومپو، آسیان کے خطے میں ممالک کے درمیان اختلافات بھڑکانے کی کوشش کر رہے ہیں اوڑ ایک سازش کے تحت چین کہ ہماری مشترکہ گھر جنوبی چینی سمندر کے لئے خطر اقرار دے رہے ہیں بیان آسیان ملکوں نے اپنے علاقائی اتحاد کو برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے امریکی حکمرانوں پر زور دیا کہ وہ دوسرے کے معاملات میں ٹانگ اڑانے کے بجائے اپنے عوام کو درپیش مشکلات کو حل کرنے پر توجہ دیں۔ واضح رہے کہ امریکی حکمران کورونا وائرس سے نمٹنے اور اپنے عوام کو تحفظ اور طبی سہولتوں کی فراہمی میں بری طرح ناکام ہیں۔ اور کورونا کے نتیجے میں امریکی عوام تکلیف دہ معاشی صورتحال کا سامنا کر رہے ہیں۔ لیکن امریکی حکومت اپنی ناکامیوں کو چھپانے اور عوام کے احتجاج اور مظاہروں کے دنیا کی توجہ ہٹانے کیلئے اندرون ملک نسل پرستی کو ہوا دے رہی ہے جبکہ خارجہ پالیسی میں چین کے خلاف پروپیگنڈہ مہم میں معروف ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ چین کی معاشی ترقی کو دنیا بھر جو بری لپیٹ کیلئے بڑا خطرہ محسوس کرتے ہوئے امریکہ حکومرانی سمندر میں جنگ کے شعلے بھڑکانے کیلئے بھڑ کانے کیلئے کودسز ہیں۔ اس مقصد کیلئے تائیوان، جاپان اور فلپائن کو چین کے خلاف اکسانے اور لڑانے کی سازش کا جاری ہے۔ یہ بات خوش آئند ہے کہ آسیان ممالک اس سازش کو ناکام بنانے کیلئے تیار اور بیدار نظر آرہے ہیں۔

جدید دور کے تقاضے اور شہری دفاع

عصر حاضر میں دنیا کی بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ نت نئے مسائل جنم لے رہے ہیں۔ اور خاص کر

کمال خان باروزئی

شہری علاقے اس سے زیادہ متاثر ہیں۔ ترقی پزیر ممالک جن میں ہمارا ملک پاکستان بھی شامل ہے۔ یہاں پر بھی آبادی کی ایک بڑی تعداد روزگار، تعلیم، صحت اور دیگر بنیادی ضروریات زندگی کے پیش نظر دیہاتوں سے شہروں کی طرف آبادی تیزی سے منتقل ہو رہی ہے جس سے شہری مسائل بتدریج بڑھ رہے ہیں اور شہروں میں ناگہانی واقعات، حادثات اور ٹریفک کے مسائل سر اٹھا رہے ہیں جس سے شہریوں کو بے پناہ مشکلات و مسائل کا سامنا ہے۔ اقوام عالم کی طرح پاکستان میں بھی یکم مارچ کو یوم شہری دفاع منایا جارہا ہے۔ موجودہ جدید دور میں شہری دفاع بہت اہمیت اختیار کر چکا ہے۔ شہری علاقوں میں شہری دفاع کی اہمیت وافادیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا حکومتی وسائل محدود ہیں۔ پاکستان کی 20 کروڑ آبادی تک پہنچ چکی ہے۔ اتنی آبادی کو حکومت اپنے وسائل، حادثات، قدرتی آفات، ناگہانی واقعات اور دہشت گردی کی صورتحال میں فوری امداد ریلیف پہنچانے سے قاصر ہے۔ ملک کے موجودہ حالات کے تناظر میں بحیثیت پاکستانی اور ایک شہری کے ہمیں ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہری دفاع کی ترتیب حاصل کر کے ایک ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دینا ہوگا۔ جدید دور کے تقاضوں میں شہری دفاع کی اہمیت اور بھی بڑھ گئی ہے۔ ملک میں امن وامان کی مخدوش صورتحال، قدرتی آفات، حادثات، ناگہانی واقعات کی وجہ سے حکومت کو چاہیے کہ وہ شہری دفاع کی بنیادی ترتیب لازمی قرار دیتے ہوئے 18 سال کے تمام افراد کو شہری دفاع کی ترتیب دے۔ تاکہ تمام شہری ہنگامی صورتحال میں اپنے پڑوسیوں شہریوں کی فوری مدد کر سکے۔ شہری دفاع کی ترتیب اور آگاہی نہ ہونے کی وجہ سے ناگہانی صورتحال میں ہمیں مسائل کا سامنا ہوتا ہے اور حادثات اور دیگر واقعات میں قیمتی جانوں کو بچانے میں ہم ناکام ثابت ہوتے ہیں۔ اس وقت وطن عزیز میں بدامنی کی لہر آئی ہوئی ہے۔ آئے روز دہشت گردی کے واقعات نے شہریوں کو ذہنی کوفت کا شکار بنایا ہے۔ بحیثیت ایک ذمہ دار شہری ہمیں اپنے آس پاس سے باخبر رہتے ہوئے اپنی آنکھیں اور کان کھلے رکھنے ہوں گے۔ شہری دفاع کی بنیادی ترتیب جدید دور کے تقاضوں کے عین مطابق اشد ضروری ہے۔ شہری دفاع کی بنیادی ترتیب حاصل کر کے ہم ایک کارگر شہری کی حیثیت سے انسانی خدمت کے ساتھ ساتھ عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بناسکتے ہیں اور اپنی مدد آپ کے اصول کے تحت ہم ناگہانی، ہنگامی یا حادثاتی صورتحال میں ہم کارگر شہری ثابت ہو کر قیمتی جانوں کے ضیاع کو بچانے میں معاون مددگار ہوسکتے ہیں۔ بحیثیت ایک ذمہ دار شہری ہم کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے شہری دفاع کی ترتیب حاصل کر کے اس کی اہمیت وافادیت کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ شہری دفاع کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اس حوالے سے پرنٹ والیکٹرونک کو شہری دفاع کی اہمیت وافادیت اور بنیادی تربیت سے متعلق عوام میں آگاہی اور شعور کو اجاگر کرتے ہوئے اپنا موثر کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ اس جدید دور میں عوام شہری دفاع کی اہمیت وافادیت سے آگاہ اور روشناس ہوں۔ ملک کے تعلیمی اداروں میں شہری دفاع کی ترتیب کا لازمی قرار دیتے ہوئے ہمارے قومی نصاب میں شہری دفاع کے اسباق شامل کئے جائیں تاکہ آنے والی نسلیں شہری دفاع کی اہمیت وافادیت سے آگاہ ہوں۔ ترقی یافتہ ممالک میں حکومتی وسائل فراہمی کے باوجود بھی شہری دفاع کے تقاضوں کو پورا کیا گیا۔ لیکن بدقسمتی سے ہم شہری دفاع کے اداروں کو ابھی تک نظرانداز کیا ہے اور اس جانب توجہ نہیں دی گئی۔ حکومت وقت کا فرض ہے کہ وہ صوبے کے تمام ضلعی ہیڈکوارٹرز کو شہری دفاع کے دفاتر کھولیں اور ان دفاتر میں شہری دفاع کے متعلق ترتیب کے تمام لوازمات بشمول ترتیب یافتہ۔ اسٹاف کا تقرر کرے، تاکہ ہنگامی صورتحال میں شہری دفاع کا محکمہ شہریوں کی مدد کرسکے۔ اس اہم شعبے کو ہم نے مسلسل نظرانداز کر رکھا ہے۔ ہم اقوام عالم کے ساتھ یکم مارچ کو تو شہری دفاع کا دن مناتے ہیں۔ لیکن شہری دفاع کے جو تقاضے اس جدید دور میں ہیں۔ ہم نے اس کو نظرانداز کیا ہے۔ شہری دفاع کی بنیادی ترتیب کو لازمی قرار دے کر ہم کئی مسائل پر قابو پاسکتے ہے ناگہانی واقعات، حادثات، قدرتی آفات اور ہنگامی صورتحال میں شہری دفاع کی بنیادی ترتیب حاصل کرنے والا شہری ایک اہم رول ادا کرسکتا ہے اور ناگہانی واقعات میں متاثرہ افراد کے لیے معاون مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ ہمیں اپنی معاشرتی ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے ایک اچھے شہری کی حیثیت سے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ ہمارا دین اسلام بھی ہمیں درس دیتا ہے کہ جس نے ایک انسان کی جان بچائی اس نے پوری انسانیت کو بچایا۔ خدمت عبادت بھی ہے اور عظمت بھی۔ انسانیت کی معراج خدمت اور بلند اخلاق ہے۔ عصر حاضر کے اس جدید دور میں شہری دفاع کی اہمیت، ترتیب موجودہ وقت اور حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ شہری دفاع ہماری ضرورت بن چکی ہے۔ آئیں ہم اپنی معاشرتی، اخلاقی اور شہری ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے ایک ذمہ دار شہری کی حیثیت سے شہری دفاع کی بنیادی ترتیب حاصل کر کے ایک ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں اور اس جدید دور میں شہری دفاع کے تقاضوں پر پورا اتریں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو آمین۔

☆☆☆☆☆

لاکھڑا کی اس حالت کا زمیدار کون (آخری قسط)

آتے ہی لاکھڑا کی زمینداروں کو سالانہ لاکھوں روپیوں کا مالی نقصان ہوتا ہے۔

میر عاشق سنگھور بلوچ

لہٰذہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تحصیل لاکھڑا کو مشینری دی جائے۔ اس کے علاوہ تحصیل لاکھڑا میں اب تک کوئی ایک بھی تھانہ نہیں جس کو لیویز یا پولیس اپنا دفتر بنا کر کام چلائے۔ بلکہ یہاں نا کسی تحصیلدار کی رہائش گاہ موجود ہے اور نا ہی یہاں کوئی پٹوارخانہ ہے بس محکمہ زراعت کی بلڈنگ میں تحصیل آفس اور تحصیلدار لاکھڑا قیام کرتا ہے۔ لہٰذہ تحصیل لاکھڑا میں تھانے کے لیے ایک بلڈنگ بنائی جائے اور تحصیلدار لاکھڑا کی رہائش کے لیے ایک الگ بلڈنگ بنائی جائے۔ اس کے علاوہ تحصیل لاکھڑا کی ہسپتال میں جن ڈاکٹرز کی ڈیوٹی لگائی جاتی ہے ان کے رہائش کے لیے بھی کوئی سہولیات موجود نہیں ہیں کیونکہ لاکھڑا ایک گرم علاقہ ہے اور یہاں اکثر کئی روز تک بجلی کا نام و نشان نہیں ہوتا اس وجہ سے لاکھڑا ہسپتال کے ڈاکٹروں کو یہاں رہائش کرنے میں مشکلات درپیش آتی ہیں۔ یہاں بجلی کا نظام درست کیا جائے۔ لاکھڑا شہر میں کچرے کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔ جبکہ یہاں میونسپل کمیٹی کا قیام اب تک نا ہوسکا جلد از جلد یہاں میونسپل کا قیام عمل میں لایا جائے۔ لاکھڑا میں جتنے بھی اسکیمات ہیں ان میں سے بس چند ایسے ہیں جنکو مکمل کیا گیا ہے باقی اب تک تمام اسکیمات نامکمل ہیں یا ان اسکیمات میں کرپشن ہوری ہے مگر کوئی پوچھنے والا نہیں۔

• اگر یہ بھی کہا جائے کہ لاکھڑا مسائلستان بن چکا ہے تو یہ بھی غلط نا ہوگا۔

• میری آپ تینوں شخصیات سے گزارش ہے کہ جس طرح الیکشن کے وقت یہاں کی عوام کے ساتھ آپ سب نے وعدے کیئے تھے اب ان وعدوں کو پورا کرنے کا وقت آچکا ہے اگر اب بھی لاکھڑا کی عوام کے لیے آپ لوگوں نے کچھ نا کیا تو اگلے الیکشن میں شاید لاکھڑا کی عوام آپ میں سے کسی ایک کا بھی ساتھ نا دے۔

تعلیم دوست شخصیت

پوری کائنات میں اللہ تعالیٰ نے دیگر تمام مخلوقات میں سے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا، انسان کو

سراج احمد رکی

عقل ودانش کی وجہ سے انسان کو یہ شرف ملا۔ اللہ پاک نے عقل ودانش کی وجہ انسان کو ایک اور عظیم نعمت یعنی تعلیم سے نوازا ہے جو کہ انسان کو انسانیت کی دنیا سے بہترین وروشن خیال انسان بناتے ہے جبکہ دوسری جانب 21 ویں صدی میں دنیا بہت تیزی سے ترقی کی جانب رواں دواں ہے اس کے ساتھ ساتھ پاکستان کے نوجوانوں نے تعلیم کو ہتھیار بنا کر ملک وقوم کو ترقی یافتہ ممالک و لوگوں میں شامل کرلیا گیا۔ اوراب میں آپ لوگوں کو بلوچ سرزمین سے مانند روشن ستارہ ہستی کے بارے میں بتاتا ہوں وہ شخصیت بلوچستان کے علاقہ راسکو خاران سے طلوع ہوا اور ایک غریب گھرانے سے پرورش پا کر تعلیمی میدان میں قدم رکھا معاشرے میں جمیل احمد بلوچ کے نام سے پہچانا جاتا ہے جو ہر وقت دن رات قلم وکتاب کے ساتھ دوستی رکھ کر بلوچستان کے مختلف تعلیمی اداروں سے پڑھ کر اپنی محنت کی پھل حاصل کر کے اپنی ملک وقوم کی خدمت کے لئے پیش پیش ہے موصوف بلوچستان کے سرزمین پر تعلیم کی سوچ اور شعور بیدار کرنے کے لیے تعلیم کو ہتھیار بنا کر بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں ہمارے نوجوانوں کی روشن مستقبل کی خاطر ایک تعلیمی ادارے کھولا ہے جس میں بلوچ قوم کے روشن ستارے پڑھ کر اپنے ملک و قوم کی خدمت میں زندگی گزار رہے ہیں۔ اور جبکہ جمیل احمد بلوچ نے پی سی ایس کو ٹاپ کر کے بلوچستان لیویز فورس میں بطور اسسٹنٹ کمشنر کی پوسٹ پر فائز ہو کر ملک وقوم کی خدمت کر رہے ہے کچھ دن قبل موصوف کا تبادلہ بطور اسسٹنٹ کمشنر سوراب ہوا جہاں وہ اپنی فرائض ادا کر رہے ہیں اس تحریر کا مقصد یہ ہے کہ جمیل احمد بلوچ تعلیم دوست شخصیت ہے جو کہ اللہ تعالیٰ نے سوراب کے عوام کو خاص کر کے اسٹوڈنٹس کو ایک استاد سے نوازا ہے۔ گزشتہ روز سوراب میں بلوچ اسٹوڈنٹس الائنس سوراب کی جانب سے تعلیم کے حوالے سے کیریئر کونسلنگ سیشن کا انعقاد کیا گیا تھا تو جس میں جمیل احمد بلوچ بطور مہمان شرکت کی اور تقریب کو رونق بخش کر تعلیم دوستی و قلم دوستی کا ثبوت دیکر سوراب کے اسٹوڈنٹس کی حوصلہ افزائی کو مزید تقویت دی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسٹوڈنٹس کو ایک ایسی خوشخبری دی کے عید کے بعد وہ خود سوراب کے اسٹوڈنٹس کو فری آف کاسٹ مختلف ٹیسٹ کی تیاری کروانے سمیت تعلیم کے ہر پلیٹ فارم پر مدد کی یقین دہانی بھی کرائی جس سے ہال میں موجود تمام اسٹوڈنٹس اپنے خیر خواہ اور روشن مستقبل کو دیکھ کافی خوشی محسوس کرتے ہوئے جمیل بلوچ کا شکریہ ادا کیا۔ میں جمیل احمد بلوچ کو تعلیم دوست وقلم دوست کے حیثیت سے سلام پیش کرتا ہوں کہ موصوف وہ تعلیم دوست شخصیت ہے جو بلا رنگ ونسل بلوچستان کے مستقبل کی خدمت کر رہے ہیں اور گریٹ آفیسر ز والے تعلیم دوست شخصیات میں شامل ہے جو تعلیم کے ذریعے اندھیرے کو ختم دیتے ہے۔

قلم اٹھتا ہے تو سوچیں بدل جاتی ہے
ایک شخص کی محنت سے بستی تشکیل پاتی ہے

☆☆☆☆☆

مودی سرکار کے اشتعال انگیز اقدامات

ایک ایسے وقت میں جب ساری مہذب دنیا کرونا وائرس کے اثرات کا باہمی تعاون اور اعتماد کے ساتھ مقابلہ کرنے میں مصروف ہے

سحر صدیقی

بھارت کی مودی سرکار نے اپنے آئے دن کے اشتعال انگیز اقدامات کا سلسلہ نا صرف جاری رکھا ہوا ہے بلکہ ایک معروضی تجزیے کے مطابق ان اقدامات میں اضافہ ہی مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ نئی دہلی کیلئے سب سے زیادہ پریشان کن بات تو یہ ہونی چاہئے کہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں موجود اس کے 9 لاکھ فوجی اپنے تمام تر جدید اسلحے سے لیس ہونے کے باوجود حکام کے مطلوبہ نتائج حاصل کرنے میں ناکام کیوں ہورہے ہیں اس کے برعکس مودی سرکار کے پالیسی ساز ادارے اور شخصیات نے یہ طرز فکر وعمل اختیار کر رکھا ہے کہ پڑوسی ممالک کے ساتھ کشیدگی اور تصادم کی فضا قائم کر کے اور اس کی آڑ میں ہی اپنے توسیع پسندانہ عزائم کو حقیقت کی شکل دی جائے۔ دراصل یہ طرز فکر وعمل "ہندوتوا" ذہنیت سے مربوط ہے جس کے مطابق بھارت کی سرزمین پر صرف اور صرف ہندو مذہب کے پیروکار ہی آباد ہوسکتے ہیں اور پڑوسی ممالک کو اس حقیقت کا بلاچوں وچرا اعتراف کرلینا چاہئے۔ عالمی برادری کے سفارتی حلقوں میں مقبوضہ جموں وکشمیر کی صورتحال کو اب ماضی کے مقابلے میں زیادہ سنجیدگی اور توجہ کے ساتھ دیکھا جارہا ہے۔ مہذب دنیا کیلئے صرف یہ حقیقت ہی حیران بلکہ پریشان کن ہے کہ مودی سرکار نے مقبوضہ کشمیر کے عوام کی آزادی کو سلب کر رکھا ہے اور وہاں پر انسانی حقوق کی شرمناک حد تک خلاف ورزیاں ریکارڈ کا حصہ بن رہی ہیں۔ باوثوق اور قابل اعتماد ذرائع کے مطابق 5 اگست کو مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کے قانون آرٹیکل 370 اور 35-A کے خاتمے کا ایک سال پورا ہونے پر مقبوضہ وادی کے عوام پرامن انداز میں یوم سیاہ منائیں گے جبکہ اسی روز ہندو انتہاپسندوں کی طرف سے منہدم کی گئی بابری مسجد کی جگہ ہندو مندر کی تعمیر شروع کی جائے گی۔ اس کی افتتاحی تقریب میں وزیراعظم مودی کی شرکت کی تصدیق بھی میزبان انتظامیہ نے کی ہے۔

اس اطلاع کے پیش نظر قابض بھارتی فوج نے اکثر راستوں پر جگہ جگہ ناکے لگا دیئے ہیں اور اضافی فورس بھی طلب کرلی ہے۔ پہلے سے موجود فوجیوں نے مظلوم اور محصور کشمیریوں پر ظلم وستم کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے جس کا اندازہ یوں کیا جاسکتا ہے کہ گذشتہ دنوں سری نگر کے علاقے رنبیر گڑھ میں محاصرے اور تلاشی مہم کے دوران ایک نوجوان کو گولی مار کر شہید کردیا گیا جبکہ ایک اور نوجوان کو فوجیوں کے ساتھ جھڑپ کا ڈھونگ رچا کر بے دردی کے ساتھ شہید کردیا۔ یہ بھی کہا گیا کہ اس شہید کا ساتھی زخمی ہوا۔ ان دونوں نوجوانوں کی شہادت کے بعد سری نگر میں انٹرنیٹ سروس دوبارہ بند کردی گئی۔ بھارتی فوج کی درندگی اور سفاکی کا یہ عالم ہے کہ پولیس نے ضلع شوپیاں کے علاقے اگر پنچوڑا کے رہائشی اور کشمیر یونیورسٹی کے طالب علم عاقب احمد ملک کو اس کے خلاف 2018ء میں درج کئے گئے ایک جھوٹے مقدمے میں ملوث کر کے گرفتار کرلیا اور اس کو بے رحمی کے ساتھ جسمانی تشدد کا نشانہ بنایا۔ بھارتی ٹی وی نے کسی ثبوت کے بغیر یہ دعویٰ کیا ہے کہ 5 اگست کو کشمیری عسکریت پسند کشمیر میں ایک بڑا حملہ کرسکتے ہیں۔ واضح رہے کہ اپنے حق خود ارادیت کے حصول کیلئے پرامن سیاسی تحریک کے نہتے کارکنوں اور عام لوگوں کو بھارتی حکومت نے "عسکریت پسند" کا نام دے رکھا ہے۔ اس ناقابل فہم تصور اور خوف کو جواز بنا کر جموں وکشمیر میں جملہ عسکری اداروں کو الرٹ کردیا گیا ہے۔

بھارت میں ایسے حقیقت پسند دانشور اور امن پسند شخصیات موجود ہیں جن کو خوب علم ہے کہ دنیا کے ہر مسئلے کو مذاکرات کے ذریعے ہی حل کیا جاتا ہے۔ جنگ اس باب میں نتیجہ خیز اور مداوا ثابت نہیں ہوتی۔ پاکستان نے بے شمار مرتبہ بھارت کو مسئلہ کشمیر حل کرنے کیلئے مذاکرات کی دعوت دی اور اس ضمن میں بعض غیرملکی ہمدرد دوستوں کی طرف سے ثالثی کی تجویز کو بھی قبول کیا لیکن بھارتی حکومت نے ہمیشہ انکار اور فرار کا راستہ اختیار کیا اور مودی سرکار نے تو اس سلسلے میں اپنے ملک کے ماضی کے تمام ریکارڈ توڑ دیئے ہیں۔ مودی سرکار کا خیال ہے کہ وہ اسلحے اور گولہ بارود کے ذخائر کے بل بوتے پر اپنے توسیع پسندانہ عزائم کو حاصل کرسکتی ہے لیکن عالمی برادری کے مبصرین اور تجزیہ کاروں کی ایک بڑی تعداد اس خیال کو "دیوانے کا خواب" قرار دیتی ہے۔ مودی سرکار کے عسکری جنون کا اندازہ یوں کیا جاسکتا ہے کہ خود بھارتی میڈیا کے مطابق بھارت نے رافیل طیارہ کے بعد فرانس سے خطرناک ہیمر میزائل خریدنے کا بھی معاہدہ کیا ہے۔ یہ میزائل پہاڑی علاقوں میں تنصیبات تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ 5 رافیل طیارے 29 جولائی کو بھارت کے امبالہ ایئرپورٹ پر پہنچنے کی اطلاع بھی ہے لیکن ابھی اس کی سرکاری سطح پر تصدیق کا انتظار کیا جارہا ہے۔ مزید برآں بھارتی فوج نے ایمرجنسی کے ضمن میں اپنے اختیارات استعمال کرتے ہوئے فرانس سے ہیمر میزائل خریدنے کا معاہدہ کیا ہے۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ کانگریس کے سینئر رہنما منیش تیواری نے یہ سوال اٹھایا ہے کہ ہیمر میزائل کا معاہدہ رافیل طیاروں کے سودے کے وقت ہی کیوں نہیں کیا گیا۔ انہوں نے یہ بھی دریافت کیا کہ اس معاملے میں سستی قیمت پر ملنے والے سپائیڈر اور بیوے ہتھیار کے بارے میں کیوں نہیں سوچا گیا جبکہ یہ ہتھیار پہلے ہی بھارتی فضائیہ کے اسلحہ خانے میں موجود ہیں۔ بی جے پی کے سیکرٹری جنرل بھوپیندار یادیو نے بتایا کہ جو لوگ حکومت سے اپنی سرحد کے دفاع کی حکمت عملی سے متعلق سوال کر رہے ہیں ان کو خبر ہونی چاہئے کہ رافیل طیاروں کو ہیمر میزائلوں سے لیس کیا جارہا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق 60 سے 70 کلومیٹر تک مار کرنے والے ہیمر میزائل اپنے ہدف کو کامیابی کے ساتھ تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ فرانس کے حکام نے بھارتی حکام کو یہ یقین دہانی کرائی ہے کہ ہیمر میزائل بہت جلد بھارت کے حوالے کردیئے جائیں گے۔

قارئین کو خوب یاد ہوگا کہ پاکستان کی ہر حکومت نے عالمی برادری کے سامنے اپنے اس خدشے کا اظہار کیا کہ بھارت نے پاکستان کی سلامتی کو خطرات سے دوچار کرنے کیلئے اپنے یہاں دہشت گرد تنظیموں اور ان سے وابستہ افراد کے محفوظ ٹھکانے بنا رکھے ہیں۔ اس کے جواب میں بھارتی حکومت نے یہی الزام اسلام آباد پر عائد کردیا۔ واضح رہے کہ بھارتی حکومت اور اسرائیل کے درمیان بے حد قریبی اور دوستانہ تعلقات موجود ہیں اور عالمی میڈیا پر اسرائیل سے تعلق رکھنے والی یہودی لابی کا قبضہ ہے۔ وہ پاکستان کے خلاف ہرزہ سرائی کرنے اور منفی پراپیگنڈہ کا کیچڑ اچھالنے کا کوئی موقع ضائع نہیں کرتے۔ یہ صورتحال نہایت اطمینان بخش ہے کہ عالمی سطح پر اب پاکستان کا یہ موقف اور خدشہ درست تسلیم کیا جارہا ہے کہ بھارت میں ایسے دہشت گرد عناصر موجود ہیں جن سے پڑوسی ممالک اور خطے کے امن وامان کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ اقوام متحدہ کی دہشت گردی کے بارے میں ایک رپورٹ میں اس امر کی واضح طور پر نشاندہی کی گئی ہے کہ بھارت میں موجود دہشت گرد پاکستان اور افغانستان سمیت خطے کے دیگر ممالک میں امن وامان کو تباہ اور متاثر کرسکتے ہیں۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ پاکستان میں جو دہشت گردی ہوتی رہی ہے وہ پاکستان کے خلاف ہرزہ سرائی کرنے اور منفی پراپیگنڈہ کا کیچڑ اچھالنے کا کوئی موقع ضائع نہیں کرتے۔ یہ صورتحال نہایت اطمینان بخش ہے کہ عالمی سطح پر اب پاکستان کا یہ موقف اور خدشہ درست تسلیم کیا جارہا ہے کہ بھارت میں ایسے دہشت گرد عناصر موجود ہیں جن سے پڑوسی ممالک اور خطے کے امن وامان کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ اقوام متحدہ کی دہشت گردی کے بارے میں ایک رپورٹ میں اس امر کی واضح طور پر نشاندہی کی گئی ہے کہ بھارت میں موجود دہشت گرد پاکستان اور افغانستان سمیت خطے کے دیگر ممالک میں امن وامان کو تباہ اور متاثر کرسکتے ہیں۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ پاکستان میں جو دہشت گردی ہوتی رہی ہے اس میں کالعدم طالبان جماعت الاحرار ملوث رہے ہے جبکہ ولی محسود قاری امجد اور طالبان کے ترجمان اس امر واقعہ کا اعتراف کرچکے ہیں۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ افغانستان میں داعش کی موجودگی خطے میں خطرات کا باعث بن سکتی ہے جبکہ گذشتہ دنوں کراچی میں چینی سفارتخانے اور سٹاک ایکسچینج کی عمارات پر حملوں میں مبینہ طور پر دہشت گردوں کو بھارت کی جانب سے سہولت کاری میسر رہی۔ کراچی میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے کالعدم پی آر ایس ایس کے چھ دہشت گرد گرفتار کئے جنہوں نے بھارتی خفیہ ایجنسی "را" کے ساتھ اپنے تعلق اور رابطے کا اعتراف کیا تھا۔ ان دہشت گردوں نے یہ بات بھی تسلیم کی کہ وہ دیگر کئی تنصیبات اور حساس علاقوں کو اپنا ہدف بنانا چاہتے تھے اور ان کو "را" کی جانب سے اس مقصد کیلئے خصوصی تربیت بھی فراہم کی گئی تھی۔

یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ گذشتہ دنوں ایران نے بھارت کو اپنی چاہ بہار بندرگاہ اور افغانستان تک ریلوے لائن بچھانے کے ترقیاتی منصوبوں سے الگ کر کے نئی دہلی کو اس کی اصل اوقات اور حیثیت یاد دلادی ہے۔ دراصل تہران کو یہ حقیقت معلوم ہوگئی کہ بھارت اپنے پڑوسی ممالک خاص طور پر پاکستان میں دہشت گردی اور علیحدگی پسندی کی تحریک کی سرپرستی کرنے کیلئے اس (ایران) کی سرزمین کو استعمال کر رہا ہے۔ دوسری طرف ایران اور چین کے تعلقات میں بھی خوشگوار حیرت انگیز انداز میں پیشرفت ہوئی جبکہ وزیراعظم عمران خان اور بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ واجد کے درمیان ٹیلیفون پر رابطہ ہوا۔ اس کے برعکس جب ڈھاکہ میں موجود بھارتی سفیر نے بنگلہ دیش کی وزیراعظم سے ملاقات کیلئے باضابطہ درخواست کی تو اس درخواست کو مسترد کردیا گیا۔ یہ احوال پاکستان کے حق میں مثبت اور حوصلہ افزاء ہیں۔ اب صورتحال یہ ہے کہ مودی سرکار اپنے اشتعال انگیز اقدامات اور "ہندوتوا" ذہنیت کو بروئے کار لانے کے حوالے سے کم از کم جنوبی ایشیاء کے حساس اور اہم خطے میں واضح طور پر تنہائی کا شکار ہوچکی ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے مظلوم عوام کی دعائیں اب رنگ لائیں گی۔

☆☆☆☆☆

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

ONLINE



محصور کشمیری بمقابلہ "ہندوتوا" ذہنیت

ابھی زیادہ وقت نہیں گزرا گذشتہ سال کے انہی دنوں کی بات ہے کہ بھارتی حکومت نے ایک حکم

سعدیہ حسین

نامہ جاری کیا جس کے تحت بھارتی آئین کے دو آرٹیکل نمبر 370 اور 15-A کو غیر موثر قرار دیا۔ اس کے نتیجے میں مقبوضہ کشمیر کی قانونی حیثیت تبدیل کرنے کی ناکام کوشش کی گئی تھی۔ مودی سرکار کے پالیسی ساز اس حقیقت سے یکسر بے خبر محسوس ہوئے (یا انہوں نے جان بوجھ کر خود کو بے خبر ظاہر کیا) کہ مقبوضہ کشمیر ایک متنازعہ خطہ ہے جس کے مسئلے کو خود بھارتی حکومت کم وبیش 70 برس پہلے اقوام متحدہ میں لے کر گئی تھی۔ حالیہ برسوں میں تین مرتبہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے کسی نہ کسی طور اور کسی نہ کسی سطح پر مقبوضہ کشمیر کے مسئلے کے بارے میں سفارتی کارروائی کی ہے۔ ادھر مودی سرکار کے اس غیر قانونی بلکہ مجرمانہ اقدام کے خلاف وادی کے عوام نے احتجاج کیا تو قابض بھارتی فوج نے وادی کو عملی طور پر باقی دنیا سے کاٹ کر وہاں کے عوام کو محصور کردیا ہے اور یہ سلسلہ ایک سال سے جاری ہے۔ صورتحال یہاں تک آن پہنچی ہے کہ مقبوضہ وادی میں انٹرنیٹ تک کی سروس بھی بند ہے۔ وہاں پر ملکی یا غیر ملکی میڈیا کے نمائندوں کی رسائی تو الگ رہی ایک عام سیاح کو بھی وادی میں داخلے کی اجازت نہیں دی جاتی۔

اب یہ بات کوئی راز نہیں رہی کہ مودی سرکار نے ایک طے شدہ منصوبے اور گہری سازش کے تحت مذکورہ دو آرٹیکل غیر موثر بنائے تاکہ مقبوضہ کشمیر میں اپنی مرضی سے غیر کشمیری افراد کو لا کر آباد کیا جائے۔ اس منصوبے اور سازش کا ایک بین ثبوت یہ ہے کہ وہاں پر اب تک دو لاکھ سے زائد ایسے مکانات تعمیر کئے جاچکے ہیں جہاں غیر کشمیری آکر آباد ہورہے ہیں۔ اس مقصد کیلئے ان افراد کو پرکشش ترغیبات دی جارہی ہیں اور اس کا ایک جواز یہ پیش کیا جارہا ہے کہ یہ لوگ 1947ء میں وادی سے نقل مکانی کر گئے تھے اور اب وہ واپس آرہے ہیں۔ اس سلسلے میں ہزاروں کی تعداد میں ریاستی ڈومیسائل جاری کئے گئے ہیں جن کی قانونی حیثیت کو کشمیری حریت پسند قیادت قبول نہیں کرتی۔ واقفان حال کا ایک خیال یہ بھی ہے کہ اس غیر قانونی اور امن دشمن منصوبے کا راستہ دکھانے والی اسرائیل کی حکومت ہے جس نے فلسطینیوں کو ان کے وطن سے دوردر کھنے اور فلسطین کی سرزمین پر اپنے قدم جمانے کیلئے ایسا ہی طریقہ اور حربہ استعمال کیا تھا۔ قارئین کی دلچسپی اور معلومات کیلئے تحریر کیا جاتا ہے کہ مودی سرکار نے اپنے غیر قانونی اور غیر آئینی اقدامات کا سلسلہ یہیں پر موقوف نہیں کیا بلکہ آزاد کشمیر کے صدر مسعود خان کے مطابق "مقبوضہ کشمیر کی ایڈمنسٹریٹو کونسل نے اس تجویز کی منظوری دی ہے کہ کنٹرول آف بلڈنگ آپریشن ایکٹ 1988ء اور ڈویلپمنٹ ایکٹ 1970ء میں ترمیم کی جائے تاکہ بھارتی فوجیوں کو جو علاقے درکار ہوں ان کو "تذویراتی علاقہ" قرار دے کر اس کا قبضہ ان بھارتی فوجیوں کو دے دیا جائے۔ کٹھ پتلی انتظامیہ پہلے ہی 243 ہیکٹر کا رقبہ بھارتی فوج کے حوالے کرچکی ہے جبکہ ماضی میں 21400 ہیکٹر کا وسیع رقبہ تذویراتی قرار دے کر بھارتی فوج کے حوالے کیا گیا۔ اس نئے ضابطے کے تحت وادی کے عوام اور خاص طور پر مسلمانوں کو اب جبری نقل مکانی پر مجبور کیا جارہا ہے"۔

وادی کے مظلوم عوام کا وادی سے باہر کی دنیا سے عملی طور پر کوئی رابطہ نہیں ہے لیکن پھر بھی کسی نہ کسی طور پر محصور کشمیری مہذب دنیا کو اپنے حالات کی نزاکت اور ابتری سے آگاہ کرتے رہتے ہیں۔ ایسی ہی اطلاعات سے یہ حقیقت اجاگر ہوئی کہ مقبوضہ کشمیر میں 9 لاکھ بھارتی فوجی موجود ہیں اور اگر اس تعداد کو مقبوضہ وادی کے عوام کی کل تعداد کے ساتھ اوسط کے فارمولے کے تحت دیکھا جائے تو یہ حیرت انگیز حقیقت بے نقاب ہوتی ہے کہ ایک مظلوم اور نہتے کشمیری پر آٹھ ایسے بھارتی فوجی متعین کئے گئے ہیں جن کے پاس جدید اسلحہ اور ہر قسم کی سہولت موجود ہے۔ یہ صورتحال قابض فوجیوں کو یہ حوصلہ بھی دیتی ہے کہ وہ ان محصور کشمیریوں کے ساتھ قانون اور ضابطے کی بجائے اپنی مرضی کے مطابق سلوک کریں۔ اسی لئے گذشتہ دنوں یہ واقعہ بھی رونما ہوا کہ بھارتی فوجیوں نے ایک نہتے بزرگ کو نہ صرف گولی مار کر شہید کردیا بلکہ اس کے ہمراہ اس کے نو عمر نواسے کو اس کی لاش کے سینے پر بٹھا کر اس کی تصویریں اور ویڈیو بناتے رہے۔ یہ منظر سوشل میڈیا پر دنیا بھر میں وائرل ہوا اور مہذب دنیا نے اس کی شدید مذمت کی لیکن مودی سرکار پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوا۔

بھارتی حکومت کے ایسے غیر قانونی اقدامات اور سفاکانہ مظالم کے خلاف گذشتہ دنوں امریکی کانگریس کے اجلاس میں بھی ایک توانا آواز سماعت کی گئی۔ ہوا یوں کہ امریکی ایوان نمائندگان نے کانگریس کے رکن آسٹیو دالکنز نے مقبوضہ کشمیر میں گذشتہ برس 5 اگست کے جاری لاک ڈاؤن میں بین الاقوامی میڈیا کی عدم رسائی، انٹرنیٹ و موبائل سروس کی بندش، کرونا وائرس کے میڈیکل سامان کی عدم فراہمی سمیت انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر نئی دہلی کے حکمرانوں کی شدید مذمت کی۔ یہ ایسی آواز ہے جو بھارت سمیت دنیا بھر کے عالمی ضمیر کی ترجمانی کرنے کے ساتھ ساتھ واشنگٹن سمیت عالمی برادری کے بھرپور ردعمل کا تقاضہ کرتی ہے۔ اس سے پہلے بھی کشمیریوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کے حوالے سے امریکی اور برطانوی پارلیمانوں سمیت دنیا بھر کے دانشوروں اور امن پسند حلقوں کا احتجاج سامنے آتا رہا ہے۔ سچی بات تو یہ ہے کہ ہٹلر کے فسطائی فلسفے کی پیروکار مسلح تنظیم "راشٹریہ سیوک سنگھ (RSS)" کے سیاسی ونگ یعنی بھارتیہ جنتا پارٹی کے وزیراعظم نریندرا مودی کی انتہاپسندانہ اور جارحانہ پالیسیوں نے بھارت کے علاقے کا تھانیدار بننے اور پڑوسی ممالک پر اپنی بالادستی قائم کرنے کے پہلے سے موجود عزائم کو اب زیادہ بے نقاب کردیا ہے۔ صورتحال کا ایک رخ یہ ہے کہ 24 جولائی کو کشمیری عوام نے حریت کانفرنس کی اپیل پر ریاستی آبادی کا توازن تبدیل کرنے کے بھارتی ہتھکنڈے خلاف شدید احتجاج کیا۔ یہ حقیقت کسی ثبوت کی محتاج نہیں رہی کہ بھارت نے پاکستان ہی نہیں بلکہ اب چین، نیپال اور بنگلہ دیش کے ساتھ بھی غیر دوستانہ رویہ اختیار کر رکھا ہے جو بنیادی طور پر "ہندوتوا" ذہنیت کی عکاسی کرتا ہے۔ اسی طرز فکر وعمل کا خمیازہ مودی سرکار کو یوں بھگتنا پڑا کہ ایران نے بھارت کو چاہ بہار بندرگاہ اور افغانستان کے شہر زرانج تک ریلوے لائن کے منصوبے سے بھی بھارت کو نکال باہر کیا ہے۔

یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ پاکستان کی حکومت اور عوام حسب روایت اپنے مظلوم اور محصور کشمیری بھائیوں کی حمایت میں سرگرم ہیں۔ اس ضمن میں حال ہی میں اسلام آباد میں وفاقی وزارت اطلاعات ونشریات کی طرف سے ایک سیمینار کا اہتمام کیا گیا جس میں آزاد کشمیر کے صدر مسعود خان کے علاوہ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات' سینیٹر شبلی فراز، وزیراعظم کے خصوصی معاون برائے قومی سلامتی ڈاکٹر یوسف' پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر کے چیئرمین شہریار آفریدی اور کمیٹی کے سابق چیئرمین فخر امام نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر آزاد کشمیر کے صدر نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ بھارت نے پاکستان کے خلاف جنگ کا آغاز کردیا ہے اور اب ہمیں ہر اقدام کا منہ توڑ جواب دینا ہوگا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت علاقے میں اپنی بالادستی قائم کرنے کیلئے اپنے ہمسایوں کے ساتھ غیر دوستانہ رویہ اختیار کئے ہوئے ہے۔ مسعود خان کے اس بیان کو بیشتر تجزیہ کار اس تناظر میں بے حد اہم اور فکرانگیز قرار دیتے ہیں کہ مسعود خان صاحب ایک زیرک تجربہ کار اور منجھے ہوئے سفارتکار ہیں۔ وہ جب کوئی بات کرتے ہیں تو نا صرف اس بات کو تولتے ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ اس بات کے بارے میں سوچتے ہیں۔ انہوں نے اپنے اس بیان کی بنیاد اس حقیقت پر رکھی ہے کہ بھارت کے وزیراعظم' ان کے وزیر دفاع اور فوج کے سربراہ سمیت دیگر ارباب بست وکشاد ایسے بے شمار بیانات جاری کرچکے ہیں جن کا خلاصہ پاکستان کی سلامتی اور بقاء کے خلاف دکھائی دیتا ہے۔ یہ بیانات یوں بھی نظرانداز نہیں کئے جاسکتے کہ بھارتی وزیراعظم نے بلوچستان اور شمالی علاقہ جات میں مداخلت کا کسی نہ کسی انداز میں اعتراف بھی کیا ہے۔ بلوچستان سے بھارتی جاسوس کلبھوشن یادیو کی گرفتاری اسی ضمن میں ایک ایسا ثبوت ہے جس کو بھارتی قیادت نظرانداز نہیں کرسکتی۔ دوسری طرف ایران سے بھارتی اثر ورسوخ ختم ہوجانے کے نتیجے میں یہ امکان اب یقین میں تبدیل ہوتا دکھائی دیتا ہے کہ ایران کی سرزمین پاکستان اور افغانستان کے خلاف استعمال نہیں ہوسکے گی۔

ان حقائق کی روشنی میں وثوق سے کہا جاسکتا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے مظلوم اور محصور عوام کا مقابلہ اس "ہندوتوا" ذہنیت سے آن پڑا ہے جو کسی قانون، اخلاقیات اور تہذیبی روایات کو خاطر میں لانے کی عادی نہیں بلکہ وہ اپنے توسیع پسندانہ عزائم اور علاقے میں بالادستی قائم کرنے کیلئے جائز اور ناجائز کے درمیان تمیز کرنے سے بھی عاری ہوگئی ہے اس کے باوجود تاریخ کا یہ درس اور سبق پیش نظر رہے کہ "ظلم پھر ظلم ہے بڑھتا ہے تو مٹ جاتا ہے"۔ یہی وہ حوصلہ اور امید ہے جو مظلوم کشمیری عوام کے لئے ایک ڈھال کی حیثیت رکھتی ہے۔

☆☆☆☆☆

باکسنگ کی کیمسٹری

باکسنگ کی تاریخ 3000 BC کی ہے بین الاقوامی سطح پر یہ کھیل ساتویں صدی قبل مسیح میں متعارف ہوا۔

ڈاکٹر عدیل احمد خان

اس دور میں چمڑے سے بنے تھونگز حفاظت کے لیے پہنے جاتے تھے تیسری ملینیم قبل مسیح سومیرین ثقافت میں عراق کے علاقوں کا ذکر موجود ہے۔ میسوپوٹیمیا، اسیوریا، بابیلون کی تاریخی کتب میں بھی اس کھیل کا ذکر کیا گیا ہے۔ مصر میں ایک تاریخی سکلپچر دریافت ہوا جس میں دو باکسرز کو فائٹ کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ مصری تاریخ اور اسٹرین تاریخ میں یہ لکھا گیا ہے کہ اس زمانے کے باکسرز ہاتھ کے جوڑوں پر جوڑوں کو سپورٹ دینے کے لیے ربڑ کے بینڈ باندھتے تھے 1400-1500 قبل مسیح میں پہلی بار باکسنگ گلوز کا استعمال کیا گیا۔ باکسنگ ایک کومبارٹ اسپورٹس ہے اس میں دو باکسرز گلوز پہن کر رنگ میں مخصوص وقت، مقررہ کے لیے اترتے ہیں ایک دوسرے پر پنچ برساتے ہیں اور پوائنٹ سکورنگ کی کوشش کرتے ہیں۔ باکسنگ کو پیوگلزم بھی کہا جاتا ہے باکسنگ کے مختلف ایونٹس ہیں جن میں خاص اولمپکس، کامن ویلتھ گیمز اور ایمیچیر باکسنگ کہا جاتا ہے۔ باکسر کا فوکس پنچنگ اور سٹرائکنگ پر ہوتا ہے۔ مختلف مقابلوں کے علاوہ باکسنگ کی اپنی ورلڈ چیمپئن شپ کا بھی انعقاد کیا جاتا ہے۔ عام باکسنگ کے مقابلوں میں اگر مقابلہ برابر ہوتو دو بارہ کیا جاتا ہے مگر اولمپک مقابلوں میں یہ لازم ہوتا ہے کہ ریفری ٹیکنیکی پوائنٹس کو مدنظر رکھ کر کسی ایک کو کامیاب قرار دے۔

مختلف گیمز کی طرح باکسنگ کے رولز میں بھی وقتا فوقتا تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔ قدیم یونانی دور میں رولز نہ ہونے کے برابر تھے 688 BC میں جب اس کھیل کو اولمپک گیمز میں شامل کیا گیا جب بین الاقوامی سطح پر رولز کو واضح کیا گیا گریٹ برطانیہ میں سولہویں سے اٹھارویں صدی میں بڑی سطح پر پرائز فائٹ تک اس گیم کو محدود رکھا گیا انیسویں صدی کی نصف میں ماڈرن باکسنگ کی بنیاد رکھی گئی اور اس ماڈرن باکسنگ نے ایک نئے دور کا آغاز کیا۔ مارکیس آف کوینز بیری رولز لاگو ہونے کے بعد باکسنگ مخصوص طبقے مخصوص علاقوں اور مخصوص لوگوں سے گلی محلوں تک پہنچی۔ یہ رولز ایچویر چیمپئن شپ میں پہلی بار لاگو کیے گئے ان رولز کے مطابق تین کیٹگریز بنائی گئیں جن میں لائٹ ویٹ، مڈل ویٹ اور ہیوی ویٹ شامل ہیں۔ باکسنگ کی کیمسٹری بڑی دلچسپ ہے باکسنگ کی تاریخ میں باکسنگ کے اسٹائلز، تکنیک اور حکمت عملی وقت کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتی رہی ہے۔ اس تبدیلی کے عمل میں مختلف عوامل شامل ہیں جن میں رنگ کی حالت، پروموٹر ڈیمانڈز، ٹریننگ کا طریقہ کار اور کامیاب باکسرز کے مشورے وغیرہ شامل ہیں۔ باکسنگ کے مختلف اسٹائلز ہیں جن میں سوارمر آؤٹ باکسر، سلگر، باکسر پنچر، کاؤنٹر پنچر، سوتھ پا، سوچ ہائیٹر شامل ہیں اسٹانسز میں اپ رائٹ، سیمی کراؤچ اور فل کراؤچ ہیں۔ مگر ان سب کے ساتھ ایک اچھے باکسر کے لیے جن باتوں پر عمل کرنا ضروری ہوتا ہے بلکہ لازم ہوتا ہے وہ ہے تھرننگ کوسیلیشن۔ اس میں مختلف پنچ ہو پنچز کا مجموعہ بنا کر اس کی سخت پریکٹس کی جاتی ہے تاکہ بہتر انداز میں مخالف باکسر کو چت کر کے کامیابی حاصل کی جاسکے۔ باکسنگ کی یہ کیمسٹری صرف باکسنگ رنگ تک ہی محدود نہیں بلکہ زندگی کے ہر شعبے میں یہ کیمسٹری ہماری رہنمائی کرتی ہے اگر ہم اس کیمسٹری پر غور وفکر کریں۔ کومبینیشن کا فارمولا وہ چھپا خزانہ ہے جس نے سوچ اور سمجھ کے منتر سے اسے حاصل کرلیا وہ خود تو کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلاتا مگر لوگ اس کے سامنے ہاتھ ضرور پھیلاتے ہیں۔ دنیا کے کسی بھی کامیاب انسان کی بائیوگرافی اٹھا کر دیکھیں ہمیں ان کی کامیابی کے پیچھے محنت، جدوجہد، لگن، وقت کی قدر اور مستقل مزاجی کا مجموعہ ملے گا۔ کسی بھی شعبے میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے محنت کرنا شرط ہے مگر صرف محنت کے ساتھ کامیابی کو جوڑنا کم علمی اور بیوقوفی ہے بعض لوگ یہ شکایت کرتے رہتے ہیں کہ ہم دن رات محنت کر رہے ہیں پسینہ بہا رہے ہیں مشقتیں اٹھا رہے ہیں مگر اس محنت کا ثمر ملی ہی نہیں رہا محنت کا ثمر صرف محنت سے نہیں ملتا بلکہ محنت کی کومبینیشن سے ملتا ہے۔ باکسنگ کی اگر یہ کیمسٹری ہماری عملی زندگی میں استعمال کی جائے تو لوگوں کی چھوٹے سے چھوٹے اور بڑے سے بڑے مسئلے کو ہو جائیں مسائل ہر زندگی ہر شعبے میں ہوتے ہیں ضرورت تو اس امر کی ہوتی ہے کہ ہم ان مسائل کو حل کرنے کے لیے کس لائن پر چلیں۔ پھر ہم پستی کا شکار نہیں ہوں گے بلکہ انشاءاللہ ہم کامیابی کے نئے سفر کا آغاز کریں گے پھر ہمیں مغرب کی نقل نہیں کرنا پڑے گی بلکہ وہ ہماری مثالیں دیں گے یہ کام مشکل ضرور ہے مگر ناممکن تو نہیں۔

☆☆☆☆☆

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆ بیوروچیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیوروچیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلو ایریا اسلام آباد

شال بقیہ 1

بھنگ ملا رہے ہیں، اگر اپوزیشن پاکستان کی خیرخواہ ہے تو اے ایف ٹی ایف اور نیب قوانین میں ترامیم کے معاملے کو علیحدہ علیحدہ کرے، بلیک میل مت کیجئے، یہ حکومت بلیک میل نہیں ہوگی۔ بدھ کو شہزاد اکبر اور ملیکہ بخاری کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے کہا کہ ہمارا ان سے تقاضہ تھا کہ ہم گفتگو کیلئے تیار ہیں لیکن ایک چیز ہے کہ جس کی قومی نوعیت کی چیز ہے جبکہ دوسری چیز میں ذاتی مفاد ہے لیکن اس کو ذاتی لنک کیجئے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن 10 برس حکومت میں رہے اور اس عرصے میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی مل کر نیب قوانین میں ترمیم نہیں کر سکے لیکن وہ حکومت سے 10 گھنٹوں میں توقع کر رہے ہیں لیکن پھر بھی ہم نے اپوزیشن کے ساتھ متعدد نشستیں کی۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ اپوزیشن نے نیب قوانین میں 34 ترامیم کا تقاضہ کیا، ہم نے ایک ایک ترمیم پر گفتگو کی اور اس کے بعد نتیجہ یہ نکلا کہ میں نے دعا کیلئے ہاتھ اٹھا کر اپوزیشن سے کہا کہ آئیں فاتحہ پڑھ لیں۔ وزیر خارجہ نے بتایا کہ نیب قوانین میں اپوزیشن کی پیش کردہ ترامیم کے بعد احتساب کا عمل ختم ہوجاتا ہے بلکہ قانون ہی باقی نہیں رہتا۔ انہوں نے اپوزیشن کی جانب سے وچ ہینڈنگ کے تاثر کو مسترد کردیا۔ شاہ محمود قریشی نے مسلم لیگ (ن) کے رہنما خواجہ آصف کو مخاطب کرکے کہا کہ پارلیمانی انداز میں گفتگو کرتے ہوئے کہوں گا کہ میں نے رنگ سازی نہیں کی اور آپ ایف اے ٹی ایف کی آڑ میں نیب قوانین میں ترامیم کو پاس کرانے کی ہی کوشش کر رہے ہیں، آپ رنگ میں بھنگ ملا رہے ہیں۔

شال بقیہ 2

حوالے سے ایس او پیز پر عملدرآمد، اقدامات، انتظامات اور سکیورٹی کے حوالے سے مربوط اور موثر اقدامات کئے گئے ہیں جبکہ تمام کالعدم تنظیموں پر قربانی کی کھالیں اکٹھی کرنے پر پابندی لگائی گئی ہے، اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں سرکاری سطح پر قائم 74 مویشی منڈیوں میں کورونا وائرس کی روک تھام، صفائی اور کانگو وائرس کے تدارک کا اہتمام کیا گیا ہے، محکمہ لائیو اسٹاک کی جانب سے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ مویشی منڈیوں میں سپرے ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں جبکہ مختلف انٹری پوائنٹس اور مویشی منڈیوں میں سپرے کئے جا رہے ہیں، اجلاس کو محکمہ صحت کے حکام کی جانب سے دی جانے بریفنگ میں بتایا گیا کہ مویشی منڈیوں میں صحت کی ریپڈ رسپانس ٹیم سمیت موبائل ٹیمیں پوری طرح سے فعال ہیں، اجلاس میں ڈویژنل کمشنروں، کیو ایم سی اور میونسپل اداروں کو عید اور بعد از عید صفائی اور قربانی کی آلائشوں کو ٹھکانے لگانے کے لئے موثر اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی، اجلاس میں عید کے دوران صوبہ بھر میں تفریحی مقامات اور پارکس کو مکمل طور پر بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا

شال بقیہ 3

کے افتتاح کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا ہے انہوں نے مزید کہا کہ آج اگر اسلام اپنی تمام خصوصیات و امتیازات کے ساتھ نظر آ رہا ہے تو یہ مدارس کی وجہ سے ہے دنیا میں دین اخلاق نہ ہو تو دنیا میں عدل و انصاف قائم نہیں ہو سکتا ہے نہ ہی راحت و سکون میسر ہوگا معاشرہ انارکی اور فساد کا شکار ہو جائے گا آج ہمیں ہر طرف تعلیم تو نظر آ رہی ہے مگر ہمارے بچے دینی تعلیم سے دور ہو رہے ہیں مگر تعلیم کے ساتھ دین اسلام کی تعلیم بہت ضروری ہے آپ ﷺ کا ارشاد ہے کہ اپنے اہل خاندان واہل وعیال اور رشتہ داروں کو نماز کی تلقین کریں اور انہیں دین اسلام کی طرف راغب کریں دین کو پھیلانے اور مساجد میں نمازیوں کی سہولیات کے حوالے سے قاری خلیل کی خدمات قابل ستائش ہیں میں اپنی طرف مسجد کیلئے 20 لاکھ روپے جبکہ مدرسے میں بچوں کی دینی تعلیم کیلئے 10 لاکھ روپے کا اعلان کرتا ہوں۔ بچوں کو تعلیم کے ساتھ صاف کھانا صحت مند ماحول اور سہولیات فراہم کرنا ضروری ہے ہم سب کو آگے آکر دین کی خاطر کام کرنے والوں کیساتھ مالی تعاون کرنا چاہئے تاکہ بچے دینی تعلیم کے ساتھ عصری تعلیم بھی حاصل کر سکیں تقریب کے آخر میں گزشتہ دنوں امتحانات کے مقابلے میں اچھی کارکردگی کی بنیاد پر طلباء میں انعامات تقسیم کئے گئے۔

شال بقیہ 4

آر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عزیز جمالی کے علاوہ یوسف، یو این ایچ سی آر، پی ڈی ایم اے، ہوٹل مینجمنٹ، حبیب بینک مینجمنٹ اور پی آر ایس پی کے نمائندے بھی شریک تھے۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان نے کہا کہ کرونا وائرس بیماری کے دوران اپنی جان کا پرواہ کئے بغیر ڈیوٹی سر انجام دینے والے طبی عملہ، انتظامیہ، این ڈی ایم اے، پی ڈی ایم اے اور مخیر حضرات کی جانب سے عوام کو اشیاء، خورد ونوش اور ضروری سامان کو انکی دہلیز پر پہنچانے کے شاندار نتائج برآمد ہوئے۔ گورنر یاسین زئی نے کہا کہ کرونا وائرس سے نمٹنے کے حوالے سے دنیا کی سپر پاور بھی اس عالمی وباء کے مقابلے میں ناکام نظر آئی مگر یہ بات ہم سب کیلئے باعث فخر و مسرت ہے کہ پاکستان میں بہتر اور بروقت اقدامات کی وجہ سے اس وباء پر کافی حد تک قابو پا لیا گیا ہے۔ گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے عوام پر زور دیا کہ اس مرتبہ عید الاضحیٰ کے موقع پر سخت احتیاطی تدابیر اختیار کرنا بہت ضروری ہے اور احتیاطی تدابیر کی پاسداری سے ہی ہم اس وباء کو شکست دینے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام عید سادگی سے منائیں اور غیر ضروری میل جول سے پرہیز کریں۔

شال بقیہ 5

بھرپور تحفظ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اداروں کو سیاسی مداخلت سے پاک اور مضبوط بنا رہے ہیں ملک کو حقیقی معنوں میں ترقی یافتہ، مضبوط، خوشحال اور مستحکم بنانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی پالیسوں کا محور ہر شعبے میں عوام کو ریلیف دینا ہے جسکے لیے احساس پروگرام جیسے منصوبے شروع کیے ہیں۔ ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل نے کہا کہ کورونا بحران کے دوران حکومت غریب عوام کیساتھ کھڑی ہے انکو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے مویشی منڈیوں، عید اور محرم الحرام میں عوام کی لاپرواہی سے کورونا دوبارہ بے قابو ہو سکتا ہے اس لیے کورونا سے بچنے کے لیے ایس او پیز پر عمل کرنے اور عید سادگی سے منانے کے سوا کوئی آپشن نہیں۔

شال بقیہ 6

منڈیاں لگائی جائیں تاکہ رش کو کم سے کم اور سماجی فاصلوں کو یقینی بنایا جاسکے۔ صوبائی وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ عوام کو سہولیات کی فراہمی اور عید الاضحیٰ کے پیش نظر تاجر برادری کی مشکلات کو بھی مدنظر کرتے ہوئے صوبائی حکومت نے دو یوم کے لیے صبح 10 بجے سے رات 12 بجے تک دکانیں کھلی رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔

شال بقیہ 7

پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے پائپ لائن کی تنصیب جلد از جلد مکمل کی جائے انہوں نے کہا کہ

حکومت محکمہ تعلیم اور صحت کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے ہرممکن اقدامات کر رہی ہے اس سلسلے میں ان انہوں نے تنبیہ کی کہ فرائض کی انجام دہی میں غفلت برتنے والے ملازمین کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ فرائض انجام نہ دینے والوں پر کڑی نظر رکھیں اور ان خلاف قانون کے مطابق کارروائی کریں چیف سیکرٹری بلوچستان نے کہا ہے کہ ترقیاتی عمل کیلئے امن وامان کو کلیدی اہمیت حاصل ہے اور اس معاملے پر کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا ہے کہ گوادر میں تاجروں صنعتکاروں اور عوام کی آسانی کیلئے ون ونڈوز آپریشن شروع کیا جا رہا ہے جس کے تحت تمام متعلقہ محکموں کے نمائندے یہاں موجود رہیں گے اور بروقت خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

شال بقیہ 8

عزائم کو ہر حال میں ناکام بنا دیں گے ہم ملک دشمنوں کے ناپاک عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی پولیس نے بلوچستان کے پی پی اور قلعت بلدستان میں سکیورٹی اداروں کے ساتھ مل کر عوام کے تحفظ اور ملک کے سرحدوں کی ہمیشہ حفاظت اپنے خون سے کی ہے ہمارے افواج اور پولیس نے ہمیشہ ملک اور امن دشمن قوتوں کے ناپاک عزائم کو ہر صورت ناکام بنایا ہے چند مٹھی بھر دہشت گرد وں کو حکومت کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں کرنے دیں گے اور نہ ہی انہیں اپنے عزائم کی تکمیل کی اجازت دی جائے گی انہوں نے کہا کہ بیرونی اشاروں پر ملک اور صوبے کے محب وطن عوام کی قسمت کے فیصلوں کا کوئی حق حاصل نہیں ہے

شال بقیہ 9

دور اندیش اقدامات کے باعث کورونا کا پھیلاؤ میں کافی حد تک کمی آئی ہے تاہم معمولی غفلت سے دوبارہ کرونا وائرس کا پھیلاؤ کا خدشہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ممتاز قانون دان کامران مرتضیٰ ایڈوکیٹ جو کہ کرونا وائرس کا شکار ہوئے تھے ان کی عیادت کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر بی اے پی ضلع ہرنائی کے رہنما، عبدالنصر ترین ایڈوکیٹ، بازمحمد دمڑ ودیگر پارٹی عہدیداران بھی موجود تھے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عید الاضحیٰ سادگی سے منائیں اور کرونا کے تناظر میں ایس او پیز پر سختی عمل درآمد کو یقینی بنائے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ کرونا وائرس کی وجہ سے پاکستان اور خصوصاً بلوچستان میں صوبے کے اہم شخصیت موت کے منہ چلے گئے بلکہ مجموعی طور پر پوری دنیاء میں بہت بڑی تعداد میں کرونا سے وائرس سے لوگ جاں بحق اور لاکھوں کی تعداد میں اس وائرس کا شکار ہو گئے۔

شال بقیہ 10

آرڈیننس آیا وہ بھارتی جاسوس اور دہشتگرد ہے، وفاقی وزیر قانون فروغ نسیم نے کہا ہے کہ یہ آرڈیننس کسی دباؤ کا نتیجہ نہیں اور نہ ہی کلبھوشن کو کوئی رعایت دی جا رہی ہے، ہمیں ایک ذمہ دار قوم کے طور پر رہنا ہے تو ہمیں عالمی عدالت انصاف کے فیصلوں کو بھی ماننا ہے ہم امریکہ نہیں، عالمی عدالت انصاف کا فیصلہ تسلیم نہ کرنے کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ بدھ کو سینیٹ کا اجلاس چیئرمین صادق سنجرانی کی زیر صدارت ہوا۔ وفاقی وزیر قانون فروغ نسیم نے عالمی عدالت انصاف نظر ثانی آرڈیننس پیش کیا، اپوزیشن نے اس آرڈیننس پر حکومت کو آڑے ہاتھوں لیا۔ سینیٹر رضا ربانی بولے اب ہماری ڈوریاں انٹرنیشنل اسٹیبلشمنٹ ہلا رہی ہے، جس شخص کے لیے یہ آرڈیننس آیا وہ بھارتی جاسوس اور دہشتگرد ہے، اس آرڈیننس کے ذریعے فوجی عدالت کی سزا پر ہائی کورٹ کے ذریعے نظر ثانی کا راستہ نکالا جاتا ہے، دو دہشتگردوں کے لیے الگ الگ قانون کیوں ہے۔ وزیر قانون فروغ نسیم نے ڈوریاں ہلائے جانے کے الزام کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے ذمہ دار قوم کے طور پر عالمی عدالت انصاف کے فیصلہ پر عملدرآمد کیا، ہم اگر فیصلہ نہ مانتے تو بھارت یو این میں ہمارے خلاف قرارداد لاتا۔

شال بقیہ 11

وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت صوبہ خیبر پختونخوا سے متعلقہ ایشوز خصوصاً توانائی کے شعبے سے متعلقہ معاملات اور انضمام شدہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کے حوالے سے پیش رفت کا جائزہ اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزراء، اسد عمر، عمر ایوب خان، گورنر خیبر پختونخواہ شاہ فرمان، وزیر اعلیٰ کے پی محمود خان اور متعلقہ محکموں کے وفاقی اور صوبائی حکام شریک ہوئے۔ اجلاس میں انضمام شدہ علاقوں میں ترقیاتی کاموں کی رفتار، مالی سال برائے 2019-20 کیا خراجات اور رواں مالی سال کے لئے مختص شدہ بجٹ کے حوالے سے بات چیت کی گئی۔ توانائی کے شعبے میں وھیلنگ رجیم کے نفاذ، توانائی کے شعبے میں متعلقہ اداروں کے بورڈز میں صوبائی نمائندگی، نیٹ ہائیڈل پرافٹس کی ادائیگیوں، پاور جنریشن پالیسی 2015 میں مجوزہ ترمیم اور چشمہ رائٹ بنک کنال منصوبے کو عملی جامہ پہنانے سے متعلق معاملات پر غور کیا گیا۔

شال بقیہ 12

ہے کہ وزیر اعظم نے یوٹیلٹی اسٹورز پر عوام کو سستے نرخوں پر اشیائے ضروریہ فراہم نہ ہونے اور مہنگی خرید و فروخت میں گڑ بڑ کے معاملے کا نوٹس لیا ہے اور اس معاملے کی انکوائری شروع کروا دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم کے نوٹس کے بعد یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن بورڈ کا اجلاس ہوا اور بورڈ نے وزیر اعظم پیکج کے تحت خریداری اور عوام کے لیے اشیاء کی دستیابی کے معاملے پر انکوائری شروع کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین یوٹیلٹی اسٹورز بورڈ نے 15 روز میں انکوائری رپورٹ طلب کرلی ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق وزیر اعظم نے مالی مشکلات کے باوجود یوٹیلٹی اسٹورز پر ریلیف پیکج دیا، اس کے باوجود ملک کے اکثر یوٹیلٹی اسٹورز پر چینی اور آٹے کی قلت کا سامنا ہے اور غریب عوام اوپن مارکیٹ سے مہنگے داموں چینی اور آٹا خریدنے پر مجبور ہیں۔

شال بقیہ 13

ساز کمپنیوں کا ازخود قیمت بڑھانے کا اختیار ختم کرنا چاہتے تھے لیکن ظفر مرزا نے ادویہ ساز کمپنیوں کا اختیار واپس لینے کی سمری واپس لے لی تھی جس کے بعد وزیر اعظم کے حکم پر کمپنیوں کا اختیار واپس لینے کی سمری دوبارہ منگوائی گئی۔ ذرائع کے مطابق ظفر مرزا نے کابینہ اجلاس میں بھی ادویہ ساز کمپنیوں کا اختیار واپس لینے کی سمری کی مخالفت کی، وزیر اعظم ادویات اسکینڈل کے بعد ظفر مرزا کو پہلے ہی ہٹانا چاہتے تھے لیکن کورونا وائرس کی باعث ایسا نہیں کیا۔ دستاویز کے مطابق وفاقی کابینہ نے 9 اگست 2019ء کو بھارت سے درآمدات پر پابندی لگائی تھی اور وفاقی کابینہ کے بجائے وزیر اعظم آفس سے 25 اگست کو فیصلے میں

ترمیم کرائی گئی جبکہ سپریم کورٹ فیصلے کی روشنی میں وزیر اعظم آفس منظوری دینے کا مجاز نہیں۔ دستاویز کے مطابق مشیر تجارت رزاق داؤد اور معاون خصوصی ڈاکٹر ظفر مرزا نے میٹنگ کی اور وزارت تجارت نے 24 اگست کو کابینہ ڈویژن کو فیصلے میں ترمیم کے لیے خط لکھا۔

شال بقیہ 14

ممالک کی حیثیت سے دوستانہ تعلقات سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ سید فخر امام نے کہا کہ دونوں ممالک کے عوام ثقافتی اور مذہبی تعلقات کے بندھن میں بندھے ہوئے ہیں جو صدیوں پر محیط ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایران کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے۔ دونوں ممالک میں ٹڈی دل کی موجودہ صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان اقتصادی تعاون ہونا چاہیے، دونوں ممالک لائیو سٹاک میں باہمی تعاون کر سکتے ہیں۔ سید فخر امام نے کہا کہ ایران نے آم کو اپنی مارکیٹ میں رسائی فراہم کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی قومی پلانٹ پروٹیکشن آرگنائزیشن (این پی پی او) ایک دوسرے کے ساتھ باہمی تعاون کر سکتے ہیں تاکہ پاکستان اور ایران کے مابین دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے کے لئے سنجیدگی سے امور کو حل کیا جا سکے۔ سید فخر امام نے کہا کہ پاکستان کی زرعی معیشت ملک کے دو آمد سیکٹر میں اہم تبدیلی لا سکتی ہے۔

شال بقیہ 15

ہے، ایف اے ٹی ایف بل پاس کیا گیا، بین الاقوامی اسٹیبلشمنٹ کے کہنے پر پاکستان کے شہریوں کے آئینی اور بنیادی حقوق کو پامال کیا جا رہا ہے۔ بدھ کو حکومت کی جانب سے 6 مختلف آرڈیننس ایوان بالا میں پیش کر دیئے، وزیر قانون فروغ نسیم نے کلبھوشن یادیو سے متعلق عالمی عدالت انصاف نظر ثانی آرڈیننس سینیٹ میں پیش کئے۔ اجلاس کے دوران پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ اتھارٹی آرڈیننس اور پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی ترمیمی آرڈیننس 2020 ایوان میں پیش کئے گئے، کمپنیات کی از سر نو تنظیم ترمیمی آرڈیننس 2020، ایوان بالا، میں پیش کیا گیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے رضا ربانی نے کہا کہ پارلیمان کی عزت و عظمت آج بھی موجود ہے، اپنی جماعت پر نظر ڈالی تو نظر آیا کہ ایک وقت میں پیپلز پارٹی کی نمائندگی ذوالفقار علی بھٹو کرتا تھا۔

شال بقیہ 16

آرائے کی تشویش اور مطالبات سے آگاہ کیا۔ صدر پی آرائے نے کہا کہ پی آرائے بارکھان میں صحافی انور جان کے قتل کی شدید مذمت کرتی ہے۔ بہزاد سلیمی نے مطالبہ کیا کہ انور جان کے قتل کی آزادانہ تحقیقات کرکے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ انہوں تین کہا کہ انور جان کے قتل کی تحقیقات کے لیے جے آئی ٹی بنائی جائے، انور جان کے قتل کا مقدمہ درج ہونے کے باوجود ملزمان کو گرفتار نہیں کیا گیا۔ صدر پی آرائے نے کہا کہ صحافیوں کے تحفظ کے جرنلسٹ پروٹیکشن بل جلد منظور کیا جائے۔ چیف وہپ ساجد طوری نے ایوان بالا کو پی آرائے کے مطالبات سے آگاہ کیا چیئرمین سینیٹ نے صحافی انور جان کے قتل کے معاملہ پر چیف سیکرٹری بلوچستان سے رپورٹ طلب کرلی۔ چیئرمین سینیٹ نے انور جان کے قتل کی تحقیقات کے لیے جے آئی ٹی بنانے کے رولنگ بھی دے دی۔ صحافیوں نے چیئرمین سینیٹ کی رولنگ کے بعد واک آؤٹ ختم کر دیا۔

شال بقیہ 17

سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیاسی صورتحال اور پارٹی امور کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ خیبر پختونخواہ کے صدر ہمایوں خان نے پارٹی چیئرمین کو پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کے حوالے سے بھی بریفنگ دی۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ خیبر پختونخواہ کے جیالوں کو ہر طرح کی صورت حال کے لئے تیار رہیں۔ جب جیالے میدان میں آتے ہیں تو سب میدان چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔

شال بقیہ 18

سے وزیر اعظم سے ڈاکٹر نوشین حامد کو وزیر صحت بنانے کا مطالبہ کیا گیا۔ ڈاکٹر فضل ربی نے کہا کہ ڈاکٹر ظفر مرزا کی غلط پالیسیز کی وجہ سے دنیا بھر میں پاکستانی ڈاکٹرز کا نام خراب ہوا، ظفر مرزا نے بطور معاون خصوصی برائے صحت ملک بھر کے ڈاکٹرز کی ناک میں دم کر رکھا تھا۔ صدر واپڈ ڈی اے نے کہا کہ ڈاکٹر ظفر مرزا ادویات کی قیمتیں کنٹرول کرنے سمیت تمام فرائض میں ناکام رہے، ڈاکٹر ظفر مرزا کووڈ 19 کے حوالے سے مراعات اور دیگر معاملات میں فیڈرل ڈاکٹرز کے ساتھ وعدہ خلافیاں کرتے رہے، وزیر اعظم کو دوبارہ غلط فیصلوں کے بعد اب وزیر صحت کی سلیکشن کے معاملے میں محتاط ہونے کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 19

دور اندیش اقدامات کے باعث کورونا کا پھیلاؤ میں کافی حد تک کمی آئی ہے تاہم معمولی غفلت سے دوبارہ کرونا وائرس کا پھیلاؤ کا خدشہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ممتاز قانون دان کامران مرتضیٰ ایڈوکیٹ جو کہ کرونا وائرس کا شکار ہوئے تھے ان کی عیادت کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر بی اے پی ضلع ہرنائی کے رہنما، عبدالنصر ترین ایڈوکیٹ، بازمحمد دمڑ ودیگر پارٹی عہدیداران بھی موجود تھے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عید الاضحیٰ سادگی سے منائیں اور کرونا کے تناظر میں ایس او پیز پر سختی عمل درآمد کو یقینی بنائے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ کرونا وائرس کی وجہ سے پاکستان اور خصوصاً بلوچستان میں صوبے کے اہم شخصیت موت کے منہ چلے گئے

شال بقیہ 20

اور کہا کہ ڈریم ٹریڈنگ کے نام سے رکھنے والے کو 200 ملین روپے منتقل ہوئے جبکہ اوشن انٹرپرائزز کے نام سے فالودے والے کے اکاؤنٹ میں بھی 200 ملین گئے۔ ڈپٹی پراسیکیوٹر کے مطابق میراں گاڑی بھی چینک سے لی تو وہ بہت سیکیورٹی مانگتے ہیں، پارک لین کی فرنٹ کمپنی صرف 4 ہزار روپے اثاثوں کی مالک بھی اور صرف 4 ہزار روپے والی کمپنی کو وجود میں آنے سے بھی پہلے ڈیڑھ ارب کا قرض مل گیا۔ نیشنل بینک کے 2 سابق صدور آصف زرداری کے خلاف وعدہ معاف گواہ بن گیسماعت کے دوران نیب کی جانب سے دعویٰ کیا گیا کہ پارک لین ریفرنس میں نیشنل بینک کے 2 سابق صدور آصف زرداری کے خلاف وعدہ معاف گواہ بن گئے ہیں۔

شال بقیہ 21

ہیں کہ جن کے نتائج کا اعلان بغیر امتحانات کے کیا گیا ہے چیئرمین بورڈ کے مطابق میٹرک کے سالانہ امتحان میں پہلی پوزیشن حاصل کرنیوالے بی آر سی لورالائی کے شاکر خان نے امتحان میں 1040 نمبر لئے چیئرمین بلوچستان بورڈ کا کہنا تھا کہ بی آر سی لورالائی کے طلباء سردار شبیر اور کامل خان نے 1032 نمبر لے کر دوسری پوزیشن حاصل کی، جبکہ بی آر سی لورالائی کے عبداللہ شاہ اور کیڈٹ

کالج قلعہ سیف اللہ کے محمد اسلم نے 1030 نمبر لیکر تیسری پوزیشن شیئر کی، چیئرمین بورڈ کے مطابق میٹرک کے سالانہ امتحان میں ایک لاکھ 28 ہزار 598 طلباء، طالبات شریک ہونے تھے، تاہم کورونا وائرس کی وجہ سے پورے ملک کی طرح بلوچستان میں بھی امتحانات منسوخ کر دیئے گئے تھے جس کے بعد وفاقی حکومت نے نتائج مرتب کرنے کیلئے یکساں پالیسی کا اعلان کیا، ان کا کہنا تھا کہ جماعت نہم کے تمام طلباء کو وفاقی حکومت کی یکساں پالیسی کے تحت جماعت دہم میں ترقی دی گئی اسی طرح جماعت دہم کے 54 ہزار 979 طلباء کو پالیسی کے تحت پاس کیا گیا، تاہم جماعت دہم کے 13 ہزار 907 طلباء اضافی امتحان میں شریک ہوں گے، جماعت دہم کے نتائج میں کامیابی کا تناسب 78 فیصد رہا۔

شال بقیہ 22

کے شیڈیول میں تبدیلی کر دی گئی، زلمے خلیل زاد نے کابل دوحہ اور اسلام آباد کا دورہ کرنا تھا، زلمے خلیل زاد اس وقت قطر میں موجود ہیں، قطر میں افغان طالبان افغان قومی حکومت پاکستان اور قطری حکام کی اہم نشستیں جاری ہیں، گزشتہ روز بھی دوحہ میں ایک اہم نشست کا انعقاد کیا گیا۔

شال بقیہ 23

کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر حضرت علی اچکزئی، سید عبدالقیوم آغا، یاسین مینگل سمیت دیگر بھی موجود تھے، عبدالرحیم کاکڑ نے کہا کہ مرکزی انجمن تاجران بلوچستان نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان حافظ عبدالباسط سے تفصیلی مذاکرات کئے جن کے بعد محکمہ داخلہ بلوچستان نے تین روز تک 12 بجے تک مارکیٹیں، دکانیں، شاپنگ مال کھلے رکھنے کی اجازت دینے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس پر ہم تمام تاجر برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، چیف سیکرٹری بلوچستان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ سمیت دیگر اعلیٰ حکام کے مشکور ہیں کہ انہوں نے ہمارے جائز مطالبات کو تسلیم کیا۔

شال بقیہ 24

ڈبونے کی وجہ بنا، میں کب سے ان سیاسی عطائیوں کو جھنجوڑ رہا تھا کہ مون سون آ رہا ہے اور نکاسی آب کا انتظام نہ کیا گیا تو تباہی آئے گی، افسوس ہے سندھ میں پیپلز پارٹی کے اس نااہل ٹولے کے کانوں پر جوں رینگی نہ ہی ٹس سے مس ہوا، برسوں ہم پر حکومت کرنے والے اس گروہ نے ایک تو خود کچھ نہ کیا اوپر سے ہمیں قدرت کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا۔ علی زیدی نے کہا کہ تیز بارش آئی اور شہر کیساتھ ہمارا پورا نظام زندگی درہم برہم کر کے چلی گئی، مجھے خدشہ ہے کہ اب پیٹ کی بیماریوں کی ایک بڑی لہر جنم لے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کوڑا کرکٹ اور فضلہ شہر بھر میں فراہمی آب کے نظام میں سرایت کرچکا ہے۔

شال بقیہ 25

لانے کیلئے پٹرولیم مصنوعات، ڈیزل مہنگے کر دیتے ہیں۔ چینی مافیا کو سزا دینے کیلئے حکومت کی پالیسی ناکام ہوئی ہے چینی مافیا کو سزا دی جاتی تو پھر مافیا حکومت کو بلیک میل نہ کرتی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بحرانوں کو حل کرنے، مافیاز کو سزا دینے میں یکسر ناکام ہوئی ہے حکومت اپنے اعلانات و پالیسیوں پر عمل نہیں کر رہی 15 لاکھ ٹن گندم اور 3 لاکھ ٹن چینی منگوانا زرعی ملک کیلئے مناسب نہیں یہ اب لوٹ مار بدعنوانی کے شاخسانے ہیں۔ یہ سب مافیاز زیادہ سے زیادہ ناجائز مال بنانے یعنی کمیشن کے حصول کیلئے کرتی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات، چینی مافیاز، گندم مافیاز حکومت کو مافیاز نے گھیر لیا ہے مگر حکومت ان کے سامنے بے بسی کی تصویر بنی ہوئی ہے۔

شال بقیہ 26

آرائے کی تشویش اور مطالبات سے آگاہ کیا۔ صدر پی آرائے نے کہا کہ پی آرائے بارکھان میں صحافی انور جان کے قتل کی شدید مذمت کرتی ہے۔ بہزاد سلیمی نے مطالبہ کیا کہ انور جان کے قتل کی آزادانہ تحقیقات کرکے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ انہوں تین کہا کہ انور جان کے قتل کی تحقیقات کے لیے جے آئی ٹی بنائی جائے، انور جان کے قتل کا مقدمہ درج ہونے کے باوجود ملزمان کو گرفتار نہیں کیا گیا۔ صدر پی آرائے نے کہا کہ صحافیوں کے تحفظ کے جرنلسٹ پروٹیکشن بل جلد منظور کیا جائے۔ چیف وہپ ساجد طوری نے ایوان بالا کو پی آرائے کے مطالبات سے آگاہ کیا چیئرمین سینیٹ نے صحافی انور جان کے قتل کے معاملہ پر چیف سیکرٹری بلوچستان سے رپورٹ طلب کرلی۔ چیئرمین سینیٹ نے انور جان کے قتل کی تحقیقات کے لیے جے آئی ٹی بنانے کے رولنگ بھی دے دی۔ صحافیوں نے چیئرمین سینیٹ کی رولنگ کے بعد واک آؤٹ ختم کر دیا۔

شال بقیہ 27

سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیاسی صورتحال اور پارٹی امور کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ خیبر پختونخواہ کے صدر ہمایوں خان نے پارٹی چیئرمین کو پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کے حوالے سے بھی بریفنگ دی۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ خیبر پختونخواہ کے جیالوں کو ہر طرح کی صورت حال کے لئے تیار رہیں۔ جب جیالے میدان میں آتے ہیں تو سب میدان چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔

شال بقیہ 28

14 پاکستانی قیدیوں سمیت 239 افراد کی وطن واپس پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق پاک ایران ایف آئی اے امیگریشن گیٹ تفتان سے ایرانی حکومت نے غیر رسمی طور پر ایران میں قید 14 پاکستانی قیدیوں کو ڈائریکٹر ایف آئی اے نوشکی سپرنٹنڈنٹ ملک سمیع اللہ کا کاٹیل کے حوالے کر دیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر تفتان محمد وارث اور دیگر آفیسران بھی موجود تھے 14 پاکستانی قیدی ایران میں مختلف مقدمات میں قید تھے جنھیں غیر رسمی کے تحت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حوالے کیا گیا جبکہ پاک ایران امیگریشن گیٹ تفتان سے 76 پاکستانی شہریوں کی واپسی ہوئی ہے جنھیں ایف آئی اے گیٹ تفتان پر محکمہ صحت کے عملے نے مکمل میڈیکل اسکریننگ اور چیک اپ کیا۔ اس کے علاوہ ایرانی سرحدی حکام نے پاک ایران راہداری گیٹ کے مقام پر ایک میت لیویز انتظامیہ کے حوالے کیا گیا جسے ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا۔ ایرانی سرحدی حکام نے 149 ڈی پورٹیز کو راہداری گیٹ تفتان کے مقام پر لیویز انتظامیہ کے حوالے کیا جو بغیر سفری دستاویزات کے سفر کے دوران گرفتار کیے گئے تھے۔

شال بقیہ 29

تفصیلات کے مطابق پانی تقسیم بازار میں مسلح افراد وفائرنگ کر کے جس کے نتیجے ایک شخص جاں بحق ہو گئے اور دوسرا زخمی ہے زخمی اور جاں بحق شخص کو فوری طور پر سول ہسپتال شوب پہنچایا۔

شال بقیہ 30

جاں بحق ہو گیا ہے۔ ایدھی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے ایئرپورٹ روڈ چوک پر بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک شخص عبدالواحد ولد حاجی اختر جاں بحق ہو گیا ہے لاش کو ضروری

کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا ہے مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے۔

شال بقیہ 31

جان کی دھمکیاں دینے پر درخواست دائر کر دی گئی۔ بدھ کو درخواست بہاولپور کے شہری محمد بخش کی جانب سے دائر کی گئی ہے۔ درخواست گزار نے کہا کہ سابق وزیر اعظم نواز شریف نے وزیر اعظم کے عہدے پر ہوتے ہوئے مجھے جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں۔ درخواست گزار کے مطابق نواز شریف نے بطور وزیر اعظم مجھ سے نقدی، سونا اور ہیرے جواہرات لوٹے، نواز شریف نے میرے خاندان کے بچوں اور خواتین کی تذلیل بھی کی۔ درخواست گزار نے کہا کہ نواز شریف کو لیگل نوٹس بھی بھجوایا مگر کوئی جواب نہ آیا، عدالت نواز شریف کو طلب کر کے مجھ پر ڈھائے گئے مظالم کا جواب لے، عدالت نواز شریف کو حکم دے کہ وہ پیش ہو کر اپنی پوزیشن واضح کریں۔

شال بقیہ 32

جان کی دھمکیاں دینے پر درخواست دائر کر دی گئی۔ بدھ کو درخواست بہاولپور کے شہری محمد بخش کی جانب سے دائر کی گئی ہے۔ درخواست گزار نے کہا کہ سابق وزیر اعظم نواز شریف نے وزیر اعظم کے عہدے پر ہوتے ہوئے مجھے جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں۔ درخواست گزار کے مطابق نواز شریف نے بطور وزیر اعظم مجھ سے نقدی، سونا اور ہیرے جواہرات لوٹے، نواز شریف نے میرے خاندان کے بچوں اور خواتین کی تذلیل بھی کی۔ درخواست گزار نے کہا کہ نواز شریف کو لیگل نوٹس بھی بھجوایا مگر کوئی جواب نہ آیا، عدالت نواز شریف کو طلب کر کے مجھ پر ڈھائے گئے مظالم کا جواب لے، عدالت نواز شریف کو حکم دے کہ وہ پیش ہو کر اپنی پوزیشن واضح کریں۔

شال بقیہ 33

اور اسکینڈلز کی زد میں آنے والے تمام کابینہ ارکان سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کر دیا۔ ایک بیان میں نفیسہ شاہ نے کہا کہ تانیہ اندروس اور ظفر مرزا کو قربانی کا بکرا بنا کر اصل ذمہ داران پر پردہ ڈالنے کی کوشش کی جا رہی ہے، پیپلز پارٹی نے شہزاد اکبر، زلفی بخاری، شیخ رشید، غلام سرور خان سمیت دیگر اسکینڈلز زدہ ارکان کے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا تھا۔ نفیسہ شاہ نے کہا کہ تانیہ اور ظفر مرزا پر ملبہ ڈال کر اصل ذمہ داران کو مزید نوازا گیا ہے جو کچھ سے بالاتر ہے، تحریک انصاف کی سلیکٹڈ حکومت کی وکٹیں گرنا شروع ہو گئی ہیں، تانیہ اور ظفر مرزا کے فیصلے نے پیپلز پارٹی کے خدشات اور تحفظات کو درست ثابت کیا ہے۔

شال بقیہ 34

کی جس میں کراچی میں بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بدھ کو چیف آرگنائزر پاکستان تحریک انصاف سیف اللہ نیازی بھی ملاقات میں موجود تھے۔ ملاقات میں بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال کے حل کیلئے گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں کراچی کے مسائل کے حل کیلئے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ گورنر سندھ، صدر مملکت کی طرف سے کراچی کی صورتحال کے حل کیلئے سفارشات وزیر اعظم کو پیش کریں گے۔

شال بقیہ 35

میں تعلیم کی بہتری، شفاف خریداری سے متعلق کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور اس سلسلے میں کلسٹر ز ہیڈز کو ہدایات بھی جاری کر دیئے گئے ہیں اجلاس میں کہا گیا ہے کہ بچوں کو اعلیٰ ایجوکیشن کی فراہمی کیلئے اساتذہ کرام اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں تاکہ ہم مستقبل میں ایک بہترین اور تعلیم یافتہ معاشرہ تشکیل دینے کامیاب رہے۔

شال بقیہ 36

سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ حافظ حسین احمد کا کہنا تھا کہ اب سب کو پتہ چل گیا ہوگا کہ چوہدری برادران کے پاس جو امانت ہے وہ ایک حقیقت ہے، انہوں نے کہا کہ عمران خان نے مائنس ون کا انکشاف کرکے اپنی حکمرانی زمین بوس ہونے کا اشارہ دیدیا تھا اب مائنس ون سے اپنے آپ کو بچانے کے لیے کئی اور تانیہ ایدروس اور ظفر مرزا جیسوں کی عید قربان کے بعد قربانی دی جائے گی لیکن اس سے معاملات نہیں سنبھلیں گے۔

شال بقیہ 37

حوصلہ اور قتل کو ختم کرتا ہے جس کی وجہ سے معاشرے میں جرائم بڑھ جاتے ہیں معاشرہ میں لٹنے والوں کا قوت برداشت نہیں رہتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ ملک سکندر ایڈووکیٹ نے کہا کہ ممبران قومی اسمبلی، ممبران سینیٹ اور صوبائی اسمبلی کے اراکین خواہ حکومت میں ہوں یا حزب اختلاف میں ان کی اولین ذمہ داری پاکستان اور بلوچستان کی عوام بنیادی، انفرادی اور معاشرتی حقوق کا تحفظ ہے جن میں بہت بنیادی حق ان کے جان و مال کا تحفظ ہے اور یہ بنیادی طور پر ریاست و حکومت کی ذمہ داری ہے کیونکہ حزب اختلاف کی طرف سے تو اس حق کے تحفظ کی نشاندہی کی جا سکتی ہے جو مسلسل کی جا رہی ہے اس حق کے مکمل تحفظ کو یقینی بنانے کی ذمہ داری حکومت وقت کی ہے عوام کے جان و مال کے حق کو تحفظ دینے کیلئے قانون پر یکساں عملدرآمد لازمی ہے۔

شال بقیہ 38

گھنٹوں بجلی غائب ہونے سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے مرکزی حکومت دعووں تک محدود جبکہ صوبائی حکومت نے چپ کی سادھ رکھی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ مولوی نور اللہ نے کہا کہ الیکشن سے قبل عوام کو دودھ اور شہد کی نہریں بہانے والوں نے آج عوام پر مہنگائی کے پہاڑ توڑ دیئے ہیں، مہنگائی کے بوجھ تلے عوام کو پریشانی میں چھوڑ کر حکمران اپنی شاہ خرچیوں میں مصروف ہیں، انہوں نے کہا کہ تبدیلی لانے والے ناکام ہو گئے ہیں، پیٹرولیم مصنوعات اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں اضافہ ہو گیا ہے۔

شال بقیہ 39

سیاست کر کے بی این پی مینگل نے ایک بہتر مثال قائم کی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بی این پی کے رکن بلوچستان اسمبلی حاجی احمد نواز بلوچ مرکزی سیکرٹری ہیومن رائٹس موسیٰ بلوچ، رکن مرکزی کمیٹی غلام نبی مری ضلعی رہنما آغا خالد دلسوز و دیگر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر علامہ مقصود علی ڈومکی نے سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی کو قرآن کریم کا تحفہ پیش کیا۔ گفتگو کرتے ہوئے علامہ مقصود علی ڈومکی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے اشوز پر سردار اختر مینگل کا جرات مندانہ موقف قابل تعریف ہے مفادات کی بجائے اصولوں کی سیاست کر کے بی این پی مینگل نے ایک بہتر مثال قائم کی ہے۔

شال بقیہ 40

سے یہ درخواست ہے کہ انہوں نے ہمیشہ اس ملک کی بقاء اور سلامتی کی بقاء کی قسم کھا رکھی ہے لہٰذا وہ آگے بڑھیں اور عوام کو کندھا دیں۔

شال بقیہ 41

مفتی نیک محمد فاروقی حافظ سردار محمد نورزئی مولانا سعد اللہ آغا مفتی رحمت اللہ حاجی صالح محمد کہا ہے کہ تحفظ ناموس رسالت کے حوالے سے جب قانون حرکت میں نہیں آتا تو مغرب کی آشیرباد پر گستاخ بھنبھنانے والوں کو جواب دینے کیلئے کروڑوں مسلمان غازی علم الدین شہید ثابت ہوں گے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پیغمبر کے دشمنوں کی پشت پناہی امریکہ اور مغرب سے ہو رہی ہے ضروری ہے کہ ختم نبوت کے تحفظ کے قوانین میں سختی لائی جائے وقت کی حکومتیں اس حوالے سے کفری قوتوں کے دباؤ میں رہی ہیں انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان کی بنیاد کا تقاضا ہے کہ ہر قیمت پر ملک کی اسلامی شناخت تحفظ ختم کے قوانین کو برقرار رکھا جائے اور عوام کو یکساں طور پر ریلیف اور تحفظ فراہم کیا جائے اصل میں پاکستان ایک نصب العین کا نام ہے مسلمانوں کی جداگانہ تہذیب و ثقافت کی حفاظت اور عقیدوں کو تحفظ کا نام ہے۔

شال بقیہ 42

کر گندا خہ کو تباہ کر رہے ہیں چار ماہ گزرنے کے باوجود گندا خہ میں پینے کا پانی بھی موجود نہیں ہے دو روز قبل ایکسین ایریگیشن کھیرتھر کینال نے واڑا بندی کے نام پر غریبوں کے واٹرکورس بلڈوز کئے ہیں جبکہ بااثر افراد کے واٹرکورس ہاتھ سے بند کر کے ان میں معمولی مٹی ڈالی گئی جو کہ غریب کاشتکاروں اور چھوٹے زمینداروں سے سراسر ناانصافی ہے انہوں نے سیکرٹری ایریگیشن سمیت صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ میر طارق خان مگسی وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ آئی جی ایف سی بلوچستان ونگ کمانڈر پاکستان آرمی کوئٹہ سے اپیل کیا کہ فوری طور پر نوٹس لیکر عید تک گندا خہ شاخ میں پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

شال بقیہ 43

نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ فرد نمبر 2020/40 بجرم 149.506ii.147.504.337A.354 میں مطلوب ملزمان 1۔ ذوالفقار ولد غلام قادر 2۔ علی محمد ولد دیدار اقوام بروہی کو گرفتار کر لیا ہے مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے۔

شال بقیہ 44

مسائل کی نشاندہی کر سکتے ہیں ہم بھی انسان ہیں جہاں کوئی کمی رہ جاتا ہے تو اس کی بھی نشاندہی کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے چارج سنبھالنے کے بعد اپنے دفتر میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالرزاق ساسولی نے کہا کہ پنجگور میں اربوں روپے کے میگا پراجیکٹس چل رہی ہیں جن میں روڈز یونیورسٹی اور دیگر ترقیاتی اسکیمیں شامل ہیں ان منصوبوں کے پایہ تکمیل تک پہنچنے کے بعد پنجگور ایک ماڈرن شہر کے طور پر ابھر کر سامنے آئے گا اور عوام کو ہر سطح پر ریلیف اور سہولتیں ملیں گی۔

شال بقیہ 45

میٹر دور وگوڑی دہی مسجد کے قریب اوتھل، بیلہ اور لاکھڑا تحصیلوں کو بجلی سپلائی کرنے والے "کے الیکٹرک" کے اس مین ہائی ٹینشن کے پول گرنے کے نتیجے میں وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا حلقہ انتخاب اندھیرے میں ڈوب گیا۔ واضح رہے کہ ضلع لسبیلہ بلوچستان کا واحد ضلع ہے جہاں "کے الیکٹرک" بجلی فراہم کرتی ہے۔ ان پولز اور تاروں کی تنصیب 1977 سے پہلے اس وقت کے وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں نصب کئے گئے تھے اور "کے الیکٹرک" نے ضلع لسبیلہ کو 1979 میں بجلی کی سپلائی شروع کی تھی۔ لیکن 45 سال گزرنے کے بعد یہ پولز اور تاریں اپنی مدت پوری کر چکے ہیں۔ اور گزشتہ کئی سالوں سے بھی پولز اور بھی تاریں گرنا معمول بن چکی ہیں۔ آئے روز ان پولز اور تاروں کے گرنے کے باعث لسبیلہ کے بجلی صارفین مشکلات سے دوچار ہوتے ہیں۔

شال بقیہ 46

ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ سریاب کسٹم روڈ اور دیگر علاقوں میں جاری ترقیاتی اسکیمات صوبائی پی ایس ڈی پی کے مطابق ہیں جسے ہم ثابت کر دیں گے۔ انہوں نے اپوزیشن اراکین کے عوام دشمن اقدام کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اپوزیشن ترقیاتی اسکیمات کی وجہ سے بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئے ہیں کیونکہ وہ خود عوام کے لیے کچھ نہیں کر سکے انہیں وزیر اعلیٰ میر جام کمال خان کی عوامی خدمت ایک آنکھ نہیں بھاتی اور وہ عوامی ترقیاتی کاموں میں روکاوٹیں ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں جو عوام دشمنی کی بدترین مثال ہے۔

شال بقیہ 47

کہ اس حالات میں غریب، بے روزگار، یتیم، اور بے سہارا لوگوں کی ہر ممکن مدد کریں تاکہ غریبوں کی مشکلات حل ہو سکے ایک غریب کی مدد فوری انسانیت کی مدد ہے آئیں ہم سب ملکر غریبوں کی مدد کرنے میں اہم کردار ادا کریں۔

شال بقیہ 48

شدت اختیار کر گیا۔ بالان شاخ ٹیل کے زمینداران شدید کے محتاج ہو گئے کرپٹ ایکسین ایریگیشن نے گرین بیلٹ کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے ایکسین کسی کا کال تک اٹینڈ نہیں کرتا زمینداروں اور کاشتکاروں کا محکمہ ایریگیشن نصیرآباد اور ایکسین کیخلاف آج بروز جمعرات قومی شاہراہ پر دھرنا دینگے جسکی تمام ذمہ داری ایکسین پر عائد ہوگی مولانا عبدالمجید جتک نے کہا کہ محکمہ ایریگیشن نصیرآباد نے پٹ فیڈر کینال اور ذیلی شاخوں کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا محکمہ ایریگیشن کی غلط پالیسیوں کیوجہ سے ایریگیشن سسٹم تباہ ہو چکا ہے کوئی بھی ایریگیشن آفیسر اپنی ذمہ داریوں سے مخلص نہیں ہے بالان شاخ کے علاقہ کے زمیندار زرعی پانی کے لئے ترس گئے ہیں

شال بقیہ 49

افراد کے لواحقین آس لگائے بیٹھے ہوئے ہیں کہ انکے لاپتہ پیارے عید پر بازیاب ہو گئے اس لئے ہم امید کرتے ہیں کہ حکومت لاپتہ افراد کے لواحقین کو مایوس نہیں کریگی اور لاپتہ افراد کو عید پر بازیاب کر کے غمزدہ گھرانوں کے خوشیوں کو دوبالا کریگی۔

شال بقیہ 50

الخدمت فاؤنڈیشن تحصیل سوئی سرور خان بگٹی نائب صدر الخدمت فاؤنڈیشن سیف اللہ امان بگٹی سابقہ امیر ضلع مولانا بایزید بگٹی، بلوچستان عوامی پارٹی یوتھ کے ضلعی صدر میر ضیاء اللہ بگٹی، پیپلز پارٹی سبی ڈویژن کے صدر میر موسم خان بگٹی نے تقریب میں شرکت کی سیاسی رہنماؤں نے الخدمت کے کام کو سراہتے ہوئے علاقے کے صاحب حیثیت لوگوں سے اپیل کی ہیکہ الخدمت کے ساتھ اپنا تعاون بڑھائیں الخدمت آپ کے دیئے ہوئے امانت کو دیانت کے ساتھ مستحقین تک پہنچائے گا الخدمت نے لاک ڈاؤن کے دوران یہ بات ثابت کی ہے۔

شال بقیہ 51

نے زائد نرخ نامے وصول کیے تو ان کے خلاف

قانون حرکت میں آئے گا بعد ازاں انہوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ گراں فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی اور ڈپٹی کمشنر نصیرآباد نے سخت ہدایت دے رکھی ہے کہ گراں فروشوں کو کسی قیمت معاف نہیں کیا جائے گا اس سلسلے میں دکانداروں کو خبردار کیا گیا ہے کہ سرکاری نرخ نامے سے زائد وصول کرنے والوں کو کسی قیمت نہیں چھوڑا جائے گا۔

شال بقیہ 52

میٹنگ میں ضلع ڈیرہ بگٹی میں سٹوڈنٹ ونگ کی فعالیت پر اور طلباء کے دیگر مسائل پر گفتگو کی گئی میر جمال بگٹی صاحب نے طلباء کو یقین دہانی کروائی ہے کہ بہت جلد انشاء اللہ طلباء ونگ کو ضلع بھر میں فعال کریں گے سٹوڈنٹ ونگ اب ضلع ڈیرہ بگٹی کے تعلیمی پراسز کو سیاسی طرز عمل سے آگے لیجانے و مسائل کو حل کرنے کیلئے متحرک ہوگی۔

شال بقیہ 53

دن ان عظیم شخصیات نے اطاعت وایثار اور قربانی کی لازوال مثال قائم کی تھی، یہ عمل خالق کائنات کو ایسا پسند آیا کہ اسے تاقیامت امت محمدی کے لئے عبادت کی حیثیت سے لازم قرار دے دیا۔ میں عید الاضحیٰ کے موقع پر تمام اہل وطن کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ آپ سب کی زندگی میں اس طرح کی خوشی کے مواقع بار بار آتے رہیں۔ قربانی کا جذبہ ایک عالمگیر حیثیت کا حامل ہے۔ ہر مسلمان اپنی توفیق اور استطاعت کے مطابق قربانی کرتا ہے، دنیا میں کوئی بھی قوم اس وقت تک اخلاقی سربلندی حاصل نہیں کر سکتی جب تک اس میں ایثار وقربانی کا جذبہ موجزن نہ ہو۔ قربانی کا مقصد انسان کا اپنی خواہشات کو اعلیٰ مقاصد کے حصول کے لئے قربان کرنا ہے۔

شال بقیہ 54

کارروائی کر رہی ہے تحصیلدار عبدالرزاق میانی اس موقع پر کہا کہ شہر اور اس پاس کے علاقوں میں ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف لیویز فورس کی کارروائیاں جاری رہیگی اور ان جرائم پیشہ افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

شال بقیہ 55

قوت کو بڑھایا جائے ہماری بھرپور کوشش ہونی چاہیے کہ ہم عوامی مفاد میں حکومت کی جانب سے جاری ترقیاتی عمل پر اپنی بھرپور توجہ مرکوز کریں تاکہ احسن انداز سے ترقیاتی عمل پایہ تکمیل تک پہنچے اس سلسلے میں محکمہ پی ایچ ای اپنے تمام وسائل بروئے کار لائے انہوں نے کہا کہ گندا وہ واٹر سپلائی کی اسکیم سے بڑی تعداد میں علاقہ مکین مستفید ہوں گے پانی اللہ تعالیٰ کی دی جانے والی ایک نعمت ہے اور اس منصوبے سے عوام کے گھروں تک پانی کی فراہمی ممکن ہوگی۔

شال بقیہ 56

ہے بڑھتی ہوئی اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں کے باعث غریب عوام کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں اور بجٹ میں ملازمین کی تنخواہوں میں نہ کر کے حکومت نے نااہلی کا واضح ثبوت دیا ہے ملک میں لاک ڈاؤن کے باعث بے روزگاری میں اضافہ ہونے سے غریب طبقہ پس کر رہ گئے ہیں وفاقی حکومت نے اپنے منشور میں پچاس لاکھ گھر بنانے اور ایک کروڑ نوکریاں دینے سمیت دیگر معاشی انقلابی اقدامات کے جو اعلان کئے تھے وہ آج تک وعدہ وفا نہیں ہو سکے ہیں ریاست مدینہ کے گیت گانے والے حکمران آئی ایم ایف کی ایما پر عوام دشمن پالیسیاں مرتب کر کے ملک کو مزید تباہی کی طرف لے جا رہے ہیں۔

شال بقیہ 57

حوالے کیا ہے۔ اس اعتبار سے ہمیں موت کی حقیقت کو تسلیم کرنا پڑتا ہے۔ لیکن انسان چونکہ زندگی کو آگے بڑھاتا ہے اس لئے بچھڑنے والوں کے لئے دکھ، افسردگی اور اپنائیت کا اظہار بھی اس کا شیوہ ہے۔ آج ہم اپنے چاہنے والوں کے لئے موجود ہے۔ اور ان کے بچھڑنے کا دکھ بانٹ رہے ہیں۔

شال بقیہ 58

کہا ہیکہ گزشتہ روز سینٹ میں بلوچستان اسمبلی کی نشستیں 65 سے بڑھا کر 80 کرنے کا بل منظور کرنا خوش آئند ہے اس سے نہ صرف بلوچستان میں مزید نئے اضلاع کے بننے بلکہ بڑھ جانے کی راہ ہموار ہوگی انہوں نے کہا اب وقت آگیا ہے کہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ آبادی والا شہر سوئی کو ضلع کا درجہ دیکر اس کو صوبائی اسمبلی کا علیحدہ نشست دیا جائے کیونکہ سوئی کی آبادی نہ صرف بلوچستان کے دو تین اضلاع سے زیادہ نہ صرف بلکہ جغرافیائی لحاظ سے بھی سوئی کو اہم مقام حاصل ہے سوئی صرف سوئی شہر کے بنیادی مسائل حل ہوں گے بلکہ یہاں کے لوگوں کا سوئی کو ضلع بنانے کا دیرینہ مطالبہ پورا ہوگا۔

شال بقیہ 59

محکمہ آبپاشی نصیرآباد پر عائد ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر آفس ڈیرہ مراد جمالی میں

ڈپٹی کمشنر نصیرآباد سے ملاقات کے بعد میڈیا کے نمائندوں کو اپنا احتجاج ریکارڈ کرواتے ہوئے کیا اس موقع پر بالان شاخ کے مختلف علاقائی زمینداران وکاشتکاران بھی ان کے ہمراہ تھے جن میں حاجی میر رستم خان رند، حاجی رحمت اللہ رند، محمد علی جتک، میر نیاز حسین کھوسہ، محمد اقبال جمالی، میاں عبداللہ، مولانا علی شیر جتک، حسین بخش رونجھا، فہد حسین رند اور جانب علی سمیت دیگر شامل تھے مولانا عبدالمجید جتک نے کہا کہ پٹ فیڈر کینال اور اس کی ذیلی نہروں کے ٹیل تک زرعی اور پینے کے پانی کا شدید بحران پیدا ہو گیا ہے شالی کی مہری خشک ہو جانے سے زمینداران و کاشتکاران کو مالی نقصانات کا سامنا ہے بلوچستان کے اس گرین بیلٹ نصیرآباد کے نہری نظام کو مفلوج کر کے رکھ دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 60

سراپا احتجاج ہیں لیکن انہیں جھوٹے دلاسے دینے کے علاوہ کچھ نہ دیا جا سکا ملازمین آئے روز سراپا احتجاج ہیں آج مجبور ہو کر انہوں نے قرآن کریم اٹھا کر روڈوں پر نکل پڑے میونسپل کمیٹی اوستہ محمد میں ایک مافیا قابض ہے جس نے کروڑوں روپے کی کرپشن کی ہے اور چیف آفیسر کے منظور نظر لوگ دن رات کرپشن میں مصروف عمل ہیں لیکن غریب ملازمین جو پورے شہر کا کچرا اٹھاتے ہیں انکی تنخواہیں فراہم نہیں کی جاتی جو کہ میونسپل کمیٹی اوستہ محمد کے چیف آفیسر کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے مظاہرین کا منتخب ایم اے چیف سیکرٹری بلوچستان، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ، وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ ہے کہ انکی تنخواہوں کا مسئلہ حل کیا جائے اور کرپٹ مافیا کے خلاف نیب کارروائی کرے۔

شال بقیہ 61

پیپلز پارٹی کے ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر میر محمد صادق عمرانی کی بیمار پرسی کی اور جلد صحت یابی کی دعا کی کہ اللہ پاک انہیں جلد صحت دے، اس موقع پر سیاسی صورت حال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ اس وقت ملک کو اس دلدل سے پاکستان پیپلز پارٹی ہی نکال سکتا ہے، اس حکومت نے تو غریب عام کی چیخیں نکال دی ہیں انہوں نے کہا کہ آنے والے الیکشن چاہے بلدیاتی ہوں یا جنرل اتحادیوں کے ساتھ ملکر لڑیں گے۔

شال بقیہ 62

لوگ جانوروں کے خرید وفروخت کیلئے اسی مال مویشی منڈی میں آتے ہیں اور مختلف قسم کے رنگین خوبصورت جانور موجود ہیں نہ خریدنے والا بھی مختلف قسم کے جانور دیکھ کر خریدنے پر مجبور ہو جاتا ہے لیکن اس سال عید قربان قریب ہوتے ہی جیکب آباد مال مویشی منڈی میں جانوروں کی قیمتوں میں من پسند حد تک اضافہ کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 63

تندوانی کے گھر سے اعلیٰ نسل کا بیل چوری کر کے لے گئے۔

شال بقیہ 64

بھی کوئی قدرتی آفات آتی ہے تو وش نیوز اہل بلوچستان کے لوگوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہو کر مسائل اور ان کے مشکلات کے ازالہ کے لیے اقدامات کئے ہیں وش نیوز کو روز اول سے بلوچستان حکومت نے نظر انداز کی ہے صوبے کا واحد بلوچی نیوز چینل کے ساتھ ہمیشہ ناانصافیاں ہوئی ہے۔

شال بقیہ 65

نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بارکھان میں گزشتہ روز سوشل میڈیا سے منسلک نوجوان انوار کھیتران کو صوبائی وزیر عبدالرحمن کھیتران کے گارڈز نے صوبائی وزیر کے کہنے پر قتل کیا ہے کیونکہ یہ نوجوان بارکھان میں پسماندگی، تعلیم اور صحت کی سہولیات نہ ہونے پر لکھتا تھا اور کئی سالوں سے جاری فرسودہ سرداری نظام کے خلاف تھا ان کا خیال تھا کہ سرداری نظام کا دور ختم ہو گیا ہے اور اب ہر شخص کو آزاد اور معاشرے کا حصہ ہونا چاہئے ہر کسی کو آزادی ملنی چاہئے وہ جہاں چاہئے اپنا ووٹ استعمال کرے کیونکہ سرداری نظام معاشرے کی ترقی کیلئے موثر نہیں ہے۔

شال بقیہ 66

تعزیتی پیغام میں انہوں نے سوگوار خاندان سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت کے لئے دعا کی ہے۔

شال بقیہ 67

اطلاع دی گئی ہے تاحال ملزمان گرفتار نہ ہو سکے جس کی وجہ سے صحافی برادری میں بے چینی پائی جاتی ہے تفصیلات کے مطابق چند روز قبل فیک فیس بک آئی ڈیز کے خلاف خبر شائع ہونے کے بعد نامعلوم افراد کی جانب سے سنگین نوعیت کی دھمکی آمیز خطوط مسلسل بھیجنے کا سلسلہ شروع کیا گیا۔

INVITING NOTICE TENDER

The Irrigation Division Khuzdarintends to carry out the following Federal Public Sector Development works and invites sealed tenders based on forms B-I/ B-II (percentage rates) on composite schedule of rates 2018GoBfromthe PEC Registered Government Contractors. Earnest Money 4%, Time Limit Upto 30th June 2022 for the work. Tender fee 2500 for S no 1, Tender fee 1500 for S no 2 and Tender fee 2500 for S no 3.

S. No	Name of work.	E/cost
	CONSTRUCTION OFSMALL DAMS IN KHUZDAR PSDP#1007 PACKAGE#3	
1.	CONSTRUCTION OF SHOKRO DAM. **TS176474E.**	96.316
2.	CONSTRUCTION OF GUALLO JHAL DAM TS176475E.	60.203
3.	CONSTRUCTION OF GAMESHI DAM TS176476E	106.127

The Procurement shall be carried out in accordance with the BPPRA rules 2014 and Amended 2019. The BOQ and tender documents may also be downloaded from the BPPRA website from their respective TSE No. Mentioned above. ***ELIGIBILITY OF CONTRACTORS:*** Valid registration certificate of PEC in the relevant category and having following Specialization Codes: CE 04 Dams/Water Retaining Structures, Irrigation& Flood Control Systems etc. CE 10 General Civil Engineering Works: Slope Protection Earthworks, sub-soil drainage, Waterproofing etc. Valid registration certificates from Income Tax Authority (NTN) and Baluchistan Revenue Authority (BRA). The Contractors must have complete one assignment of similar nature of work in last 3 years in District Khuzdar. The firm/ Contractor either blacklisted nor involved in any Litigation / Arbitration (Attach all certificates and the affidavit (on non-judicial stamp paper) of not blacklisting) not involved in any litigation / arbitration) The Detailed Technical Evaluation Criteria is mentioned in the Bidding Documents. ***METHOD OF PROCUREMENT:*** Single stage two envelop procedure will be adopted for this procurement. ***PURCHASING OF SET OF ENGINEER'S ESTIMATE & DRAWINGS:*** The contractors may purchase the set of drawings and copy of estimates at the cost of Rs.1000/-, per set of the contract for appraisal and scope of work. ***BIDDING / TENDER DOCUMENTS ISSUANCE:*** The tender documents for all the works will be issued from the date of publication of this advertisement and till submission on production of green challan (as bidding documents fee) to be deposited in the head of account C-03434 in the National Bank of Pakistan Khuzdar Branch. ***BIDDING / TENDER DOCUMENTS SUBMISSION:*** The last date for submission of tender documents will be ***27/08/2020 at 12.00 P.M.*** Please note that no tender forms will be issued and accepted after mentioned date and time. ***BIDDING / TENDER DOCUMENTS OPEING:*** The tenders will be opened on ***27/08/2020 at 1.00 P.M.*** before the procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives who may wish to be present.

SUBMISSION OF EARNEST MONEY: Earnest money 4% of estimated cost in shape of call deposit to be produced from any scheduled bank as mentioned against the contract will be enclosed with the bidding documents. ***PLACE OF PURCHASING AND OPENING OF TENDERS:*** The place of issuance and opening of tenders and inquiries about the tender viz. site of work and scope of workshall be at the following address. The office of the Executive Engineer, Irrigation DivisionKhuzdar located at old Karachi Road Khuzdar. Tel #0848413278, Fax #.0848413831

Executive Engineer, Irrigation Division, Khuzdar

PRO No.166/28/07-.2020

Daily SHAL Quetta
روزنامہ شال کوئٹہ
30 جولائی 2020ء

گوادر: سیکرٹری تعلیم غلام علی بلوچ ضلع کے کلسٹر ہیڈز سے خطاب کر رہے ہیں

گنداخہ کے تمام شاخوں میں پانی کا بحران پیدا کیا گیا ہے، نور حسن جمالی

محکمہ ایریگیشن اپر کے زمینداروں اور بااثر افراد کو خوش کرنے میں مصروف ہے، صدر پی ایس پی گنداخہ

گنداخہ (نامہ نگار) پاک سرزمین پارٹی گنداخہ کے صدر نور حسن جمالی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ایکسین ایریگیشن کیرتھر کینال ایس ڈی او ٹو پور سسٹم اور دارونہ ایریگیشن گنداخہ شاخ اپر کے زمینداروں اور بااثر افراد کو خوش کرنے میں مصروف ہیں ان کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے گنداخہ کے ٹیل کے زمیندار اور کاشتکار نقل مکانی پر مجبور ہو چکے ہیں محکمہ ایریگیشن جان بوجھ بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

احساس راشن پیکیج غریب عوام کا بنیادی حق ہے' نمرہ پرکانی

صوبائی حکومت غریب عوام کو انکا بنیادی حق فراہم کریں' سماجی کارکن

نصیر آباد (نمائندہ خصوصی) سماجی خاتون سوشل ورکر محترمہ نمرہ پرکانی نے کہا کہ احساس راشن پیکیج غریب مکی عوام کا بنیادی حق ہے انہوں نے کہا کہ وبا سے متاثرہ افراد اور مرنے والوں کے لواحقین کو انکا حق دیا جائے عوام کا بنیادی حق عوام پر خرچ ہونے چاہئے وزیر اعظم احساس ریلیف فنڈز سے بلوچستان اور خاص کر کوئٹہ کے متاثرہ افراد کو بروقت اپنا حق فراہم کریں تاکہ غریب اور بے روزگار لوگوں کی مدد ہو سکے انہوں نے کہا کہ غریبوں کے نام پر پیسے کمانے والوں اللہ کے غضب سے ڈریں اور غریب اور بے سہارا لوگوں کا حق ہڑپ کرنے سے گریز کرو قیامت کے دن اللہ کو کیا جواب دو گے معروف خاتون سوشل ورکر محترمہ نمرہ پرکانی نے نمائندہ خصوصی ارشاد لاشاری کے ساتھ ایک اخباری بیان دیتے ہوئے کہا بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کی کاروائی' علی محمد ولد دیدار اقوام بروہی کو گرفتار کرلیا

صحبت پور (نامہ نگار) پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کی کاروائی جناب ڈی آئی جی شباب عظیم لہڑی جناب ایس ایس پی صحبت پور سردار حسن خان موسیٰ خیل کی خصوصی ہدایات پر SDPO صحبت پور محمد منعیم کھوسہ SHO مولا داد کندرانی بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

محکمہ لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ حکومت بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق اور مجاز حکام کی منظوری سے ڈاکٹر عبدالوکیل وٹرنری آفیسر (بی ایس۔17) (رنجمل ہیلتھ ونگ) کو سینئر وٹرنری آفیسر (بی ایس۔18) کے عہدے پر ترقی دے کر سول وٹرنری ہسپتال رخشانی ڈسٹرکٹ بارکھان میں تعینات کر دیا گیا ہے۔

انصافیوں کی وکٹیں گرنا شروع ہو چکی ہیں' حافظ حسین احمد

اے پی سی اور رہبر کمیٹی کا اجلاس تک نہیں ہو سکا اور انصافیوں کی وکٹیں گرنا شروع ہو چکی ہیں

امریکی سنڈی اور غیر ملکی معاونین خصوصی کے واپسی کا سفر شروع ہو چکا ہے، مختلف وفود اور صحافیوں سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات اور سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ امریکی سنڈی اور غیر ملکی معاونین خصوصی کے واپسی کا سفر شروع ہو چکا ہے، تانیہ ایدروس اور ظفر مرزا کا ایک ہی دن میں ایوان اقتدار سے رخصت کے بعد پتہ چلتا ہے کہ ابھی تک تو "پارٹی" شروع ہی نہیں ہوئی، اے پی سی اور رہبر کمیٹی کا اجلاس تک نہیں ہو سکا اور انصافیوں کی وکٹیں گرنا شروع ہو چکی ہیں، اگست میں پت جھڑ کا موسم شروع ہوتا ہے اور مارچ تک چلتا ہے لیکن اب تو مارچ کے بغیر ہی معاملات کا آغاز ہو چکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مطلع العلوم میں مختلف وفود اور صحافیوں بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

نصیر آباد: سماجی خاتون سوشل ورکر محترمہ نمرہ پرکانی تقریب سے خطاب کر رہی ہے

سید محمد شاہ کاظمی کا پٹواری قمبر علی مگسی کے ہمراہ میر حسن بازار کا اچانک دورہ

اگر کسی نے زائد نرخ نامے وصول کیے تو ان کے خلاف قانون حرکت میں آئے گا' صحافیوں سے بات چیت

چھتر (نمائندہ شال) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی خصوصی ہدایت پر نائب تحصیلدار چھتر سید محمد شاہ کاظمی نے پٹواری قمبر علی مگسی کے ہمراہ میر حسن بازار کا اچانک دورہ کیا سرکاری نرخ نامے چیک کیے تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ کی خصوصی ہدایت پر نائب تحصیلدار چھتر سید محمد شاہ کاظمی، پٹواری قمبر علی مگسی کے ہمراہ میر حسن شہر میں سبزی فروشوں اور عید کی مناسبت سے قائم کردہ عید اسٹال پر ریٹ لسٹ چیک کیے اس موقع پر دکاندار سبزی فروشوں سمیت دیگر کو سخت ہدایت کی کہ اگر کسی بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

بہت جلد انشاء اللہ طلباء ونگ کو ضلع بھر میں فعال کریں گے' میر جمال کلپر

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) تحصیل سوئی میں ضلع ڈیرہ بگٹی میں بلوچستان عوامی سٹوڈنٹ فیڈریشن کی پہلی میٹنگ مرکزی رہنما فریدہ بگٹی کے ہدایت پر رفیق محمد آصف، نبی بخش، غلام شبیر، اور بیر دین نے ضلعی آرگنائزر میر جمال خان کلپر کے سربراہی میں پہلی نشست کا انعقاد کیا بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ خوش آئند ہے' وڈیرہ عرض محمد باخلانی

تیر دین (نامہ نگار) بلوچستان اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ خوش آئند ہے سابقہ یونین کونسل چیئرمین وڈیرہ عرض محمد باخلانی مگسی نیاز محمد مگسی نے کہا ہے اس اقدام سے صوبے میں مزید نئے اضلاع بننے کی راہ ہموار ہو سکے گی انہوں نے بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

پٹ فیڈر کینال اور اس کی ذیلی نہروں کے ٹیل تک زرعی اور پینے کے پانی کا شدید بحران پیدا ہو گیا ہے

قومی شاہراہ و پٹ فیڈر کینال پل پر دھرنا دیکر مطالبات کے حل تک روڈ بلاک کیا جائے گا' مولانا عبدالمجید جنگ

نصیر آباد (نمائندہ خصوصی) ڈیرہ مراد جمالی زمیندار کاشتکار تحریک کے مرکزی چیئرمین و جمعیت علماء پاکستان کے مرکزی رہنما مولانا عبدالمجید جنگ نے کہا کہ پٹ فیڈر کینال کی ذیلی نہر بالان شاخ ٹیل تک زرعی اور پینے کے پانی کی عدم فراہمی کے خلاف کل بھرپور احتجاج کیا جائے گا قومی شاہراہ و پٹ فیڈر کینال پل پر دھرنا دیکر مطالبات کے حل تک روڈ بلاک کیا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

میونسپل کمیٹی اوستہ محمد کے ملازمین کو چار ماہ گزرنے کے بعد بھی تاحال تنخواہیں نہ مل سکی

اوستہ محمد (نامہ نگار) میونسپل کمیٹی اوستہ محمد کے ملازمین کو چار ماہ گزرنے کے بعد بھی تاحال تنخواہیں نہ مل سکی ملازمین قرآن پاک اٹھا کر سراپا احتجاج ہیں انکی داد رسی کرنے والا کوئی نہیں واضح رہے کہ میونسپل کمیٹی اوستہ محمد کے ملازمین مسلسل بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار میں یوٹیلیٹی اسٹورز پر آٹا اور چینی ناپید بازار میں آٹے کا فی من تھیلا 2300 روپے کا ہو گیا

دیہاڑی دار طبقہ شدید مہنگائی اور آٹے کی قیمتوں میں اضافے کے باعث روزانہ ایک کلو آٹا خریدنے پر مجبور

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں یوٹیلیٹی اسٹورز پر آٹا اور چینی ناپید بازار میں آٹے کا فی من تھیلا 2300 روپے کا ہو گیا غریبوں نے سر پکڑ لیے دیہاڑی دار طبقہ شدید مہنگائی اور آٹے کی قیمتوں میں اضافے کے باعث روزانہ ایک کلو آٹا خریدنے پر مجبور ہیں رپورٹ کے مطابق ڈیرہ اللہ یار میں گزشتہ دس روز سے یوٹیلیٹی اسٹورز کو آٹے اور چینی کی سپلائی نہیں ہوئی یوٹیلیٹی اسٹورز پر آٹے اور چینی کی عدم دستیابی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے تاجروں نے آٹے اور چینی کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کر دیا ہے۔

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں چمن ہاؤسنگ اسکیم میں بجلی کے نئے کھمبوں کی تنصیب کیلئے 30 جولائی کو کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے جناح روڈ، بروری روڈ، پی اے ایف (PAF)، اولڈ سنگی، اختر کیکٹر اور ملک پلانٹ فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ زحمت کے لئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت کی گئی ہے۔

اس وقت پاکستان پیپلز پارٹی ہی ملک کو دلدل سے نکال سکتا ہے' صادق عمرانی

بلدیاتی الیکشن ہو یا جنرل الیکشن ہو مقابلہ کریں گے اتحادیوں کے ساتھ، پیپلز پارٹی میں آپ کو دعوت دیتا ہوں

اس حکومت نے تو غریب عام کی چیخیں نکال دی ہیں' ممبر پیپلز پارٹی کے ایگزیکٹو کمیٹی

اوستہ محمد (آن لائن) اس وقت پاکستان پیپلز پارٹی ہی ملک کو دلدل سے نکال سکتا ہے بلدیاتی الیکشن ہو یا جنرل الیکشن ہو مقابلہ کریں گے اتحادیوں کے ساتھ، پیپلز پارٹی میں آپ کو دعوت دیتا ہوں، میر محمد صادق عمرانی کی عیادت پر میر عامر خان جمالی کو پارٹی میں شمولیت کی دعوت، میر عامر خان جمالی اور میر مرتضیٰ خان جمالی نے پی پی پی رہنما کی عیادت کی اور صحت یابی کی دعا کی تفصیلات کے مطابق سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی میر عامر خان جمالی، اور پی پی پی رہنما میر مرتضیٰ جمالی نے پاکستان بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

حکومت نے صوبے کیساتھ جانا انصافی پر چپ کی سادھی ہوئی ہے' مولوی نور اللہ

الیکشن میں تبدیلی کے نام پر ووٹ لینے والوں نے عوام پر مہنگائی کے پہاڑ توڑ دیئے ہیں

گھنٹوں گھنٹوں بجلی غائب ہونے سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) متحدہ مجلس عمل کے صوبائی امیر و رکن بلوچستان اسمبلی مولوی نور اللہ نے مہنگائی کے طوفان اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کو صوبائی و مرکزی حکومت کی نااہلی اور ناکامی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ الیکشن میں تبدیلی کے نام پر ووٹ لینے والوں نے عوام پر مہنگائی کے پہاڑ توڑ دیئے ہیں، سندھی دل نے فصلات کو تباہ کر دیا رہی سہی کسر بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نے پوری کر دی، گھنٹوں بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

سعید احمد اچھی کا محمد ایوب قریشی کے بھائی محمد یعقوب قریشی کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ طارق مگسی اور بلوچستان عوامی پارٹی کے بانی رہنما سعید احمد اچھی نے ڈائریکٹر سول اسٹیٹ محمد ایوب قریشی کے بھائی محمد یعقوب قریشی کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

مانجھی پور کے صحافی اور اس کے والد کو سنگین نوعیت کی دھمکی آمیز خطوط موصول

مانجھی پور (این این آئی) مانجھی پور کے صحافی اور اس کے والد کو سنگین نوعیت کی دھمکی آمیز خطوط نامعلوم افراد کی جانب سے بھیجے جا رہے ہیں جس کی پولیس کو ثبوت کے ساتھ بروقت بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد: میونسپل کمیٹی کے ملازمین چار ماہ کی تنخواہ نہ ملنے پر قرآن اٹھا کر احتجاج کر رہے ہیں

پاکستان کے 22 کروڑ عوام بغداد کے کاہل بن چکے ہیں' میر عبدالکریم نوشیروانی

حکومت روزانہ ان پر مہنگائی کا بم گرا رہی ہے مگر عوام خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر نائب صدر اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا ہے کہ پاکستان کے 22 کروڑ عوام بغداد کے کاہل بن چکے ہیں حکومت روزانہ ان پر مہنگائی کا بم گرا رہی ہے مگر عوام خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں ملک میں دو قانون چل رہے ہیں ایک زوال آف لا اور دوسرا رول آف لا۔ جس کی لاٹھی اس کی بھینس صورتحال یہی رہی تو کرپشن، دہشت گردی اور مہنگائی کے دلدل میں ملک کے عوام ڈوب جائیں گے لہٰذا امیری اس ملک کی پاک فوج اور اداروں بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

پاکستان میں پیغمبر کے دشمنوں کی پشت پناہی امریکہ اور مغرب سے ہو رہی ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

قیام پاکستان کی بنیاد کا تقاضا ہے کہ ہر قیمت پر ملک کی اسلامی شناخت تحفظ ختم کے قوانین کو برقرار رکھا جائے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم خلیقی حافظ عبدالحق حقانی مولانا غلام نبی عمری مولانا محمد ایوب ڈپٹی سیکرٹری جنرل حافظ مسعود احمد سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد مفتی عبدالغفور مدنی میر سرفراز شاہوانی میر فاروق لانگو چوہدری محمد عاطف مولانا جمال الدین حقانی بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

پنجگور میں امن کی بحالی کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے' عبدالرزاق ساسولی

شہر میں ترقیاتی عمل کو سپورٹ کرنے کی ضرورت ہے' ڈپٹی کمشنر پنجگور کا اپنے دفتر میں صحافیوں سے گفتگو

پنجگور (خ ن) ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالرزاق ساسولی نے کہا ہے کہ پنجگور میں امن کی بحالی کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے شہر میں ترقیاتی عمل کو سپورٹ کرنے کی ضرورت ہے معاشرے کے ذمہ دار افراد شہر کی صورت حال بہتر بنانے اور مثبت کاموں کی حوصلہ افزائی کریں جب ہم سب مل کر کام کریں گے تو کوئی وجہ نہیں کہ شہر کے معاملات درست نہ ہوں صحافی برادری معاشرے کی آنکھ اور بے زبان لوگوں کی آواز ہوتے ہیں وہ بہتر طریقے سے بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ضلع لسبیلہ کے 75 فیصد علاقے میں اندھیرے کا راج

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل کے قریب "کے الیکٹرک" کے مین ہائی ٹینشن پولز گرنے کے نتیجے میں ضلع لسبیلہ کے 75 فیصد علاقے میں اندھیرے کا راج، کے الیکٹرک نے پولز کی تنصیب کا کام شروع کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل سے تقریباً 25 کلو بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

کرپٹ ایکسین ایریگیشن نے گرین بیلٹ کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے' مولانا عبدالمجید جنگ

محکمہ ایریگیشن کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ایریگیشن سسٹم تباہ ہو چکا ہے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جمعیت علماء پاکستان کے مرکزی رہنما و زمیندار کاشتکار تحریک کے مرکزی چیئرمین مولانا عبدالمجید جنگ میر رستم خان رند حاجی رحمت اللہ رند محمد علی جنگ و دیگر نے پر ہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نصیر آباد میں زرعی پانی کی قلت بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

حکومت لاپتہ افراد کے اہلخانہ کو مایوس نہیں کرے گی' نصر اللہ بلوچ

لاپتہ افراد کو عید پر بازیاب کرکے غمزدہ گھرانوں کے خوشیوں کو دو بالا کرے گی

کوئٹہ (آن لائن) وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصر اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ امید ہے کہ حکومت لاپتہ افراد کے اہلخانہ کو مایوس نہیں کرے گی اور لاپتہ افراد کو عید پر بازیاب کر کے غمزدہ گھرانوں کے خوشیوں کو دو بالا کرے گی میڈیا رپورٹس کے مطابق نصر اللہ بلوچ نے کہا کہ لاپتہ بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میجر (ر) اورنگزیب بادینی کو ایس ایچ او خالق شہید تھانہ اسد خان مندوخیل تھانے کا دورہ کرا رہے ہیں

عیدالاضحی حضرت ابراہیم کی اطاعت اور حضرت اسماعیل کی تسلیم و رضا کی یادگار ہے' میر محمد اسلم خان مگسی

آج کے دن ان عظیم شخصیات نے اطاعت و ایثار اور قربانی کی لازوال مثال قائم کی تھی

گنداواہ (نامہ نگار) عیدالاضحی کے موقع پر میر محمد اسلم خان مگسی کی جانب سے اپنے ضلع جھل مگسی کی عوام کو اہم پیغام تفصیلات کے مطابق: بلوچستان عوامی پارٹی ضلع جھل مگسی کے جنرل سیکرٹری میر محمد اسلم خان مگسی اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عید قرباں کا وقت ہوتا ہے جس میں ہر صاحب حیثیت اللہ کی راہ میں جانور قربان کر کے اس کا گوشت غریب لوگوں میں بانٹتا ہے اور کھال کسی ضرورت مند کی مدد کو دے دی جاتی ہے عیدالاضحی حضرت ابراہیم کی اطاعت اور حضرت اسماعیل کی تسلیم و رضا کی یادگار ہے آج کے بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

انسانی زندگی اپنا ایک ابتدا اور ارتقاء رکھتا ہے' منیر بادینی

مذہبی نکتہ نظر سے بھی پیدائش اور موت اُس مطلق قوت کے اختیار میں ہے

کوئٹہ (خ ن) انسانی زندگی اپنا ایک ابتدا اور ارتقاء رکھتا ہے اس میں دیگر بہت سارے مسائل کے ساتھ موت کا فلسفہ بھی انسان کے لئے ایک بڑے سوال کی طرح صدیوں سے موجود رہا ہے۔ مذہبی نکتہ نظر سے بھی پیدائش اور موت اُس مطلق قوت کے اختیار میں ہے علاوہ ازیں فلسفیوں، بزرگوں، اولیاء اور پیغمبروں نے مختلف حوالے سے زندگی کی بے ثباتی اور ایک منظم وقفے کے قیام کا بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

تعلیم کا اولین مقصد انسانیت کی تعمیر ہے' غلام علی بلوچ

طلبہ کو زندگی کے نشیب و فراز سے آشنا کرنا اور زندگی کی کشمکش کے لئے تیار کرنا ہی تعلیم کا اولین مقصد ہے

دنیاوی تجربات سے آگاہی اور واقفیت ہی تعلیم کا لازمی جزو ہے' گوادر ضلع بھر کے میل فی میل کلسٹر ہیڈز کے اجلاس سے خطاب

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے سابق صوبائی وزیر اسفندیار کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

گوادر (خ ن) سیکرٹری تعلیم غلام علی بلوچ نے کہا ہے کہ تعلیم کا اولین مقصد انسانیت کی تعمیر ہے۔ دنیاوی تجربات سے آگاہی اور واقفیت ہی تعلیم کا لازمی جزو ہے۔ طلبہ کو زندگی کے نشیب و فراز سے آشنا کرنا اور زندگی کی کشمکش کے لئے تیار کرنا ہی تعلیم کا اولین مقصد ہے اس مقصد کو کامیاب بنانے کا سب سے بڑا کردار اساتذہ کا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں گوادر ماڈل سکول گوادر ضلع بھر کے میل فی میل کلسٹر ہیڈز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری منیر احمد نوذازی ایڈیشنل ڈائریکٹر ایم اینڈ ای ڈویژنل ڈائریکٹر مکران خان محمد عزیز الرحمن ضلعی افسر تعلیم گوادر سمیت ضلع بھر کے کلسٹر ہیڈز نے شرکت کی اجلاس میں ضلع بھر کے کلسٹر ہیڈز نے سیکرٹری تعلیم کو اپنے اداروں کے مسائل و مشکلات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی اجلاس بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

ترقیاتی کاموں کے خلاف عوام دشمن عناصر کو عدالت عالیہ میں منہ توڑ جواب دیں گے' ملک مصلح الدین مینگل

سریاب قمبرانی روڈ اور دیگر علاقوں میں جاری ترقیاتی اسکیمات صوبائی پی ایس ڈی پی کے مطابق ہیں جسے ہم ثابت کریں گے

اپوزیشن ترقیاتی اسکیمات کی وجہ سے بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئے ہیں کیونکہ وہ خود عوام کے لیے کچھ نہیں کر سکے

کوئٹہ (پ ر) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سریاب اور بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما ممتاز قبائلی شخصیت ملک مصلح الدین مینگل نے کہا ہے کہ ترقیاتی کاموں کے خلاف عوام دشمن عناصر کو عدالت عالیہ میں منہ توڑ جواب دیں گے اپوزیشن کو بھی شرمندگی کا سامنا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان ہائی کورٹ میں اپوزیشن کی جانب سے سریاب کے علاقوں میں جاری ترقیاتی کاموں کے خلاف دائر کی جانے والی درخواست کی سی پی حاصل کرنے کے بعد بات چیت کرتے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

محکمہ مواصلات و تعمیرات حکومت بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ مواصلات و تعمیرات حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق مجاز حکام کی منظوری سے ایکس ایگزیکٹو انجینئر روڈ ڈسٹرکٹ قلعہ سیف اللہ نوشیروان جوگیزئی (بی ایس۔18) کو دوبارہ انکے اپنے عہدے پر بحال کر دیا گیا ہے۔

ہمارے معاشرے میں یکساں قانون کا اطلاق نہیں ہے' ملک سکندر

قومی اسمبلی، سینیٹ اور صوبائی اسمبلی کے اراکین چاہے وہ حکومت میں ہوں یا حزب اختلاف میں کی اولین ذمہ داری ہے

عوام کی بنیادی، انفرادی اور معاشرتی حقوق کا تحفظ کرے، عام فرد احساس محرومی کا شکار ہے' قائد حزب اختلاف

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی، سینیٹ اور صوبائی اسمبلی کے اراکین چاہے وہ حکومت میں ہوں یا حزب اختلاف میں کی اولین ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کی بنیادی، انفرادی اور معاشرتی حقوق کا تحفظ کرے، عام فرد احساس محرومی کا شکار ہے حالانکہ فلاحی معاشرے کیلئے قوت برداشت اور رحم دلی بنیادی عنصر ہیں، بندوق برداری کا عام رجحان معاشرے میں بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

گوادر: چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر ایکسپریس وے سمندر سائیڈ کا معائنہ کر رہے ہیں

الخدمت فاؤنڈیشن ضلع ڈیرہ بگٹی کی جانب سے یتیم اور غریب بچوں میں عید گفٹ تقسیم کئے گئے

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) غریبوں اور یتیموں کی خدمت میں پیش پیش الخدمت فاؤنڈیشن ضلع ڈیرہ بگٹی کی جانب سے یتیم اور غریب بچوں میں عید گفٹ تقسیم کئے گئے اس موقع پر صدر الخدمت فاؤنڈیشن ضلع ڈیرہ بگٹی دوست محمد بگٹی، صدر بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

جرائم پیشہ افراد کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے گی' ذکاء اللہ درانی

چمن (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر چمن ذکاء اللہ درانی اور تحصیلدار عبدالرازق میانی کی ہدایت پر نائب رسالدار محمد حنیف یا حوالدار وزیر محمد نے لیویز فورس کے ہمراہ دوران گشت طور پول کے قریب دو مسلح ڈاکو کو گرفتار کر کے ان کی قبضے سے پستول اور ایک مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کی اور ان کی خلاف ایف آئی آر درج کیا گیا اور لیویز مزید بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر شرجیل نور نے گنداوہ میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی زیر تعمیر واٹر سپلائی اسکیم کا دورہ کیا

گنداوہ واٹر سپلائی کی اسکیم سے بڑی تعداد میں علاقہ مکین مستفید ہونگے' ڈپٹی کمشنر جھل مگسی

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی ڈاکٹر شرجیل نور نے گنداوہ میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی زیر تعمیر واٹر سپلائی اسکیم کا دورہ کیا ایکسین پی ایچ ای نے انہیں کام کے متعلق تفصیل سے بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر جھل مگسی ڈاکٹر شرجیل نور نے ایکسین پی ایچ ای کو ہدایت دی کہ کام کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کے ساتھ ساتھ اس کے معیار پر کوئی بھی سمجھوتہ قبول نہ کیا جائے تاکہ علاقہ مکین حکومت کے اس منصوبے سے بھرپور انداز میں مستفید ہو سکیں اس اسکیم کی تکمیل سے قریبی آبادی کے لئے پینے کے پانی کے مسائل کو حل ممکن ہو گا انہوں نے کہا کہ ترقیاتی عمل میں مزید تیزی لانے کیلئے افرادی بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں بچوں کی لڑائی میں بڑے کود پڑے ڈنڈوں اور لاٹھیوں کے وار سے خاتون سمیت چھ افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں بچوں کی لڑائی میں بڑے کود پڑے ڈنڈوں، لاٹھیوں، خنجر کے وار سے خاتون سمیت چھ افراد زخمی پولیس کے مطابق بدھ کو کوئٹہ کے علاقے بروری تاؤن میں بچوں کی معمولی تکرار پر بڑے کود پڑے جس کے دوران خاتون مسماۃ (م) سمیت چھ افراد عصمت اللہ، نادر علی، محمد نبی، روح اللہ، عباس علی زخمی ہو گئے پولیس نے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا جبکہ مزید کاروائی پولیس کر رہی ہے۔

ملک میں مہنگائی میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے' اعجاز احمد پیچوہا

غریب عوام دو وقت کی روٹی کے لیے ترس گئے ہیں عوام کی داد رسی کرنے والا کوئی نہیں ہے

مانجھی پور (نامہ نگار) پیچوہا قومی اتحاد کے مرکزی رہنما اعجاز احمد پیچوہا نے کہا ہے کہ ملک میں مہنگائی میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے غریب عوام دو وقت کی روٹی کے لیے ترس گئے ہیں عوام کی داد رسی کرنے والا کوئی نہیں ہے نوجوان نسل بے روزگاری کے سبب خود کشیاں کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں حکومت نے عوام کے ساتھ جو وعدے کئے ان میں ایک بھی وعدہ پورا نہیں کیا گیا ملک میں چینی آٹے اور پیٹرول کا بحران ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ حالیہ بجٹ میں بھی عوام کو کوئی ریلیف نہیں دیا گیا بلکہ مہنگائی میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ و ماحولیات مٹھا خان کاکڑ کی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک کوئٹہ ڈاکٹر موسیٰ جان مندوخیل کی سربراہی میں لائیو اسٹاک عملہ کوئٹہ کی مختلف مال مویشی منڈیوں میں کانگو کیخلاف سپرے کر رہا ہے

عید قربان قریب ہوتے ہی قربانی کے جانوروں کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ

مہنگائی وجہ ہزاروں غریب قربانی کرنے محروم ہو گئے قیمتوں کو کنٹرول کرنے کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں

مانجھی پور (این این آئی) عید قربان قریب ہوتے ہی قربانی کے جانوروں کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ۔ اس مہنگائی وجہ ہزاروں غریب قربانی کرنے محروم ہو گئے قیمتوں کو کنٹرول کرنے کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں تفصیلات کے مطابق مانجھی پور کے قریبی مال مویشی منڈی جیکب آباد جو مشہور ترین شہر کے نام سے جانا جاتا ہے جس میں سندھ سمیت اور بلوچستان کے مختلف علاقوں سے بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

بلوچستان کا واحد بلوچی ٹی وی چینل وش نیوز ایک عرصے سے شدید مالی بحران کا شکار ہے

وش نیوز کو صوبے میں واحد مادری زبان کا اعزاز حاصل ہے

پنجگور (آن لائن) بلوچستان کا واحد بلوچی ٹی وی چینل وش نیوز ایک عرصے سے شدید مالی بحران کا شکار ہے وش نیوز کو صوبے میں واحد مادری زبان کا اعزاز حاصل ہے وش نیوز نے بلوچستان میں بسے تمام اقوام کی سیاسی سماجی معاشی معاشرتی مسائل کو اجاگر کیا ہے بلوچستان میں جب بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

پولیس تھانہ آر ڈی 238 کی حدود میں چوروں کا راج

تیر دین (نامہ نگار) پولیس تھانہ آر ڈی 238 کی حدود میں چوروں کا راج پولیس مزے لوٹنے میں مصروف گوٹھ محراب خان تنیو داؤتی میں نامعلوم چوروں نے جا گن خان بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

کوہلو میں انوار کھیتران کے قتل کے خلاف نیشنل پارٹی کا احتجاجی مظاہرہ

انوار کھیتران سوشل میڈیا پر صوبائی وزیر کے غلط فیصلوں اور اقدامات کو شدید تنقید کا نشانہ بناتا تھا

کوہلو (این این آئی) ضلع کوہلو میں انوار کھیتران کی بارکھان میں قتل کے خلاف نیشنل پارٹی کی مرکزی کال پر مرکزی رہنما محراب بلوچ کی سربراہی میں پارٹی ورکروں نے احتجاجی ریلی۔ ریلی نیشنل پارٹی کی ضلعی سیکرٹریٹ سے شروع ہو کر بینک چوک سے ہوتے ہوئے شہر کے مختلف راستوں سے ہو کر پریس کلب کے سامنے پہنچ گئی جہاں مرکزی رہنما محراب سمیت پارٹی کے رہنماؤں بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

ایم ایس سول ہسپتال ڈھاڈر نے کرپشن کے تمام ریکارڈ توڑ دیئے ہیں، محمد اکبر سومرو

کورونا وائرس کی مد میں آنے والے لاکھوں روپے مال غنیمت سمجھ کر ڈکار لئے ہیں

بولان (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی ضلع کچھی آرگنائزنگ کمیٹی کے ممبر محمد اکبر سومرو اور دیگر نے کہا ہے کہ ایم ایس سول ہسپتال ڈھاڈر نے کرپشن کے تمام ریکارڈ توڑ دیئے ہیں کورونا وائرس کی مد میں آنے والے لاکھوں روپے مال غنیمت سمجھ کر ڈکار لئے ہیں موجودہ ایم ایس کے دور میں عوام کو ڈی ایچ کیو ہسپتال سے طبی سہولیات تو در کنار بلکہ اپنے پیاروں کو علاج معالجے کیلئے دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑتا ہے۔

کورونا وائرس کے باوجود سینڈک تانبے اور سونے کا منصوبہ جاری ہے' ہی زونگ

پاکستان کی کل افرادی قوت میں سے صرف نصف یا 900 سے کم ملازمین اس منصوبے پر کام کر رہے ہیں

چاغی (آن لائن) ایم سی سی ریسورس ڈیولپمنٹ لمیٹڈ (ایم آر ڈی ایل) کے چیئرمین ہی زونگ کا کہنا ہے کہ کورونا وائرس کے باوجود سینڈک تانبے اور سونے کا منصوبہ جاری ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کمپنی کی جانب سے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی کل افرادی قوت میں سے صرف نصف یا 900 سے کم ملازمین اس منصوبے پر کام کر رہے ہیں کیونکہ اس سال کام کرنے والوں کی شدید قلت تھی۔

بلوچستان کے حقوق کیلئے تمام جماعتوں کو آواز بلند کرنی چاہیے' بی این پی

بلوچستان میں بلوچ، پشتون اور ہزارہ یا شیعہ سنی کے درمیان تفریق کے قائل نہیں ہیں

بلوچستان کے اشوز پر سردار اختر مینگل کا جرات مندانہ موقف قابل تعریف ہے' ملاقات میں بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری و سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی اور مجلس وحدت مسلمین کے مرکزی ترجمان علامہ مقصود علی ڈومکی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بلوچ، پشتون اور ہزارہ یا شیعہ سنی کے درمیان تفریق کے قائل نہیں ہیں بلوچستان کے حقوق کے لئے تمام جماعتوں کو آواز بلند کرنی چاہیے، بلوچستان کے اشوز پر سردار اختر مینگل کا جرات مندانہ موقف قابل تعریف ہے مفادات کی بجائے اصولوں کی بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

چھتر: نائب تحصیلدار چھتر سید محمد شاہ کاظمی پٹواری قمبر علی مگسی کے ہمراہ تحصیل چھتر کے علاقے میر حسن بازار کا دورہ کے موقع پر نرخ نامے چیک کر رہے ہیں